# مصنّف کے دیگر کتب



۱۔ مسلمانوں کے زوال کے اسباب علامہ اقبال کی نظر میں۔ کل کا مومن اور آج کا مسلمان
۲۔ فلسفۂ لا الٰہ الا اللہ و فلسفۂ محمد رسول اللہ اور علامہ اقبال فلسفۂ نماز، روزہ، حج، قرآن اور مسلمان
۳۔ مسلمانوں کے تکلیف دہ سوہانِ روح زوال کا حل قل ھو اللہ احد (سورہ اخلاص) میں مضمر ہے (علامہ اقبال کی لاجواب تفسیر و مثالیں)
۴۔ آج کے مسلمان کے سوچنے کا انداز اور علامہ اقبال کا تردّد
۵۔ مسلمانوں کے عہدِ زوال میں عورت کا رول و حصّہ۔ علامہ اقبال کے نظریات
۶۔ فلسفۂ زندگی اور موت از روئے قرآن اور فرامینِ مصطفوی صلعم اور علامہ اقبال
۷۔ فلسفۂ جہاد از روئے قرآن اور فرامینِ مصطفوی صلعم اور علامہ اقبال
۸۔ فلسفۂ شہادت امام حسین عالی مقام اور علامہ اقبال
۹۔ مسلمانوں نے ہندوستان آکر کیا دیکھا کیا پایا کیا کھویا اور نظریات علامہ اقبال (حصہ اول)
۱۰۔ " " " " " (حصہ دوم)
۱۱۔ گلستانِ احادیث (جز اول) یعنی چہل حدیث (حصہ اول تا چہارم) اور علامہ اقبال
۱۲۔ گلستانِ احادیث (جز دوم) یعنی چہل حدیث (حصہ اول تا سوم) اور علامہ اقبال
۱۳۔ شانِ محمدؐ کیا کہیئے شانِ غلاماں سن لیجیے۔
۱۴۔ والدین کے حقوق قرآن اور فرامینِ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی روشنی میں
۱۵۔ خون کے آنسو ہی آنسو اور مسلمان اور علامہ اقبال
۱۶۔ گلدستہ حمد و گلستانِ نعت 5/- ۱۷۔ مسلمانوں کے عہدِ زوال میں علما کا رول و حصہ
۱۸۔ والدین کی خدمت میں عقیدت کے پھول 3/- ۱۹۔ اے رام مندر بنانے والو!
۲۰۔ اے قومِ عرب! کیا تم ایک باوقار قوم ہو؟ 5/- ۲۱۔ مسلمانو! آنسو بہاؤ خون کے۔
۲۲۔ نورِ محمدیؐ 3/- ۲۳۔ اظہارِ نورِ نبوتؐ 3/- ۲۴۔ والدین پر اولاد کے حقوق
۲۵۔ کلامِ اقبال ـ علامہ اقبال نے کیا کہا، کن عنوانات کے تحت (حصہ اول)
۲۶۔ " " " " (حصہ دوم)
۲۷۔ دیکھو مسلمان حکمراں کیسے ہوتے ہیں اور دیکھو مسلمان ایسے ہوتے ہیں۔

آزادیٔ افکار سے ہے ان کی تباہی
ہو فکر اگر خام تو آزادیٔ افکار

رکھتے نہیں جو فکر و تدبر کا سلیقہ
انسان کو حیوان بنانے کا طریقہ
(علامہ اقبال)



# اولاد کے حقوق

## والدین پر

والدین کے ہاتھوں اولاد کی تباہی

اور

# علامہ اقبال



از

محمد جمیل الدین صدیقی سپرنٹنڈنٹ ہائیکورٹ (ریٹائرڈ)
حیدرآباد اے پی (انڈیا)

ہدیہ

رحمن اسلامک پبلیشر - منور کاٹیج - 23-1-525-5
بی بی بازار نزد کوٹلہ عالیجاہ - حیدرآباد - اے پی (انڈیا)

بار اول
ایک ہزار
(۱۰۰۰)

میں اپنی ناچیز تصنیف کو اللہ پاک کے اس روشن فرمانِ مبارک سے معنون کرنے کی عزت و شرف حاصل کرتا ہوں۔

يٰاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تُلْهِكُمْ اَمْوَالُكُمْ وَلَا اَوْلَادُكُمْ عَنْ ذِكْرِ اللّٰهِ ۚ وَمَنْ يَّفْعَلْ ذٰلِكَ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْخٰسِرُوْنَ ○

مومنو! تمہارا مال اور اولاد تم کو خدا کی یاد سے غافل نہ کردے اور جو ایسا کرینگے تو وہ لوگ خسارہ اٹھانے والے ہیں۔ (پ ۲۸ آیت ۹ ۔ سورۃ التغابن)

بندۂ ادنیٰ
محمد جمیل الدین صدیقی

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

# باب اول

# اولاد کے حقوق والدین پر

## اور علاّمہ اقبالؒ

### ماں باپ، اولاد اور اللہ پاک

بظاہر اولاد کا راست تعلق والدین سے نظر آتا ہے اور والدین اولاد کو پیدا کرتے اور جنم دیتے نظر آتے ہیں لیکن مجازی پردوں کو اٹھا کر قرآن حکیم حقیقت کو اسطرح ظاہر فرماتا ہے کہ حقیقی خالق اللہ پاک کی ذات ہے اور والدین ایک سبب اور ذریعہ ہیں۔ آیئے دیکھیں ماں باپ کا تعلق اولاد سے کسقدر ہے اور اللہ پاک سے کسقدر؟ جیسا کہ قرآنِ حکیم میں اللہ پاک فرماتے ہیں :-

"اے لوگو! اپنے رب سے ڈرو جس نے تمہیں ایک جان (آدم) سے پیدا کیا اور اسی میں سے اسکا جوڑا بنایا اور ان دونوں سے بہت سے مرد اور عورت پھیلائے۔" (پارہ ۴ ۔ سورہ : النسآ ۔ آیت : ۱)۔

پھر پارہ ۲۶ سورہ حجرات آیت ۔ ۱۳ میں ارشاد ہو رہا ہے۔

"اے لوگو! ہم نے تمہیں ایک مرد اور ایک عورت سے پیدا کیا۔"

پھر ارشاد گرامی ہو رہا ہے۔

"تمہاری عورتیں تمہارے لئے کھیتیاں ہیں جاو اپنی کھیتیوں میں جس طرح چاہو اور اپنے نیک کام و عمل آگے روانہ کرو۔" پھر احسن الخالقین فرما رہے ہیں :

"اور کیا آدمی نے نہ دیکھا کہ ہم نے اسے پانی کی بوند (منی نطفہ) سے بنایا"

(سورہ یٰسین پارہ ۲۳ ۔ آیت ۲۲)

پھر ارشادِ باری تعالیٰ ہو رہا ہے:

"تمہیں مٹی سے پیدا کیا اور جب تم اپنی ماؤں کے پیٹ میں حمل تھے"

(پارہ ۲۷ - سورہ النجم - آیت ۳۲)۔ پھر ارشاد اللہ پاک سنیئے:-

"کیا تو اس کے ساتھ کفر کرتا ہے جس نے تجھے مٹی سے بنایا پھر تجھے نطفہ سے صحیح و سالم آدمی بنا یا" (پارہ ۱۵ - سورہ کہف - آیت ۳۷)۔

"کیا ہم نے زمین کو بچھونا نہ کیا اور پہاڑوں کو میخیں اور تمہیں جوڑا (یعنی مرد اور عورت بنایا"۔ (پارہ ۳۰ - سورہ - النبأ - رکوع - ۲)

ظاہر ہو گیا کہ اللہ پاک ہی خالق ہیں اور سبب بنا کر مرد اور عورت سے اولاد دلاتے ہیں جیسا کہ آدمؑ اور حواؑ کی پیدائش کا ذکر فرما کر اپنی قدرت بالغہ ظاہر فرماتے ہیں وہ بغیر ماں اور باپ کے بھی پیدا فرما سکتے ہیں۔ اچھا اب آیئے ہم سورہ مریم کی تلاوت کا حاصل کریں کہ حضرت ذکریا علیہ السلام پیری و ضعیفی کے سبب ایک تو ہم بستری کے قابل نہ رہے دوسری طرف آپؑ کی بیوی بانجھ تھیں مگر حضرت ذکریاؑ نے اپنے لئے اولاد کے اسباب ختم کے باوجود مسبب الاسباب سے دعا مانگی۔ قرآن حکیم میں ارشاد ہو رہا ہے۔

یہ تذکرہ ہے آپ کے پروردگار کی مہربانی فرمانے کا اپنے بندہ ذکریاؑ پر جبکہ انہوںؑ نے اپنے پروردگار کو پوشیدہ طور پر پکارا۔ عرض کیا کہ اے میرے پروردگار میری ہڈیاں (بوجہ پیری) کمزور ہو گئیں... میری بیوی بانجھ ہے۔ ایسی صورت میں آپ مجھ کو خاص اپنے پاس سے وارث (بیٹا) دیجئے... (فرمایا) اے ذکریاؑ ہم تم کو ایک فرزند (یحییٰ) کی خوشخبری دیتے ہیں۔ عرض کیا میرے رب! میرے اولاد کس طرح ہو گی حالانکہ میری بیوی بانجھ ہے اور میں بڑھاپے کے انتہائی درجہ کو پہنچ چکا ہوں۔ ارشاد ہوا کہ اسی حالت میں (اولاد ہو گی) تمہارے رب کا قول ہے کہ امر مجھ کو آسان ہے"۔ (سورہ مریم - رکوع - ۱ - پارہ - ۱۶)

قرآن پاک سے ثابت ہو گیا کہ اللہ پاک ختم شدہ اسباب کو مہیا کر سکتے ہیں یعنی وہ مسبب اللہ ہیں۔ بہر حال ضعیفی میں حضرت ذکریاؑ اور ان کی بانجھ بیوی کو فرزند یحییٰ عطا فرما کر اور ان ماں باپ بنا کر اپنا کرشمہ قدرت دکھا دیا کہ جس طرح اور جس انداز سے چاہیں ماں باپ کو اولاد عطا کرنے پر قادر ہیں۔ قرآن حکیم بھی ہاتھ میں ہی رہنے دیجئے اور سورہ م

کی تلاوت معہ ترجمہ جاری رکھئیے اور دیکھئیے کہ قدرت بالغہ کے حامل حسن الخالق کس طرح بی بی مریم سے بغیر باپ کے عیسیٰؑ کو پیدا فرماتے ہیں۔ چنانچہ ارشاد باری ہو رہا ہے۔

" اور ( اے محمد صلی اللہ علیہ وسلم) اس کتاب میں مریم کا بھی ذکر کیجئے جبکہ وہ اپنے گھر والوں سے علٰحدہ ہو کر اپنے مکان میں جو شرق کی جانب تھا (غسل کے لئے) گئیں۔ پھر ان گھر والوں کے سامنے پردہ ڈال لیا۔ پس ہم نے ان کے پاس اپنے فرشتے (جبرئیلؑ) کو بھیجا اور وہ اسکے سامنے ایک مرد آدمی بن کر ظاہر ہوا۔ کہنے لگیں کہ میں تجھ سے رحمٰن کی پناہ مانگتی ہوں اگر تو کچھ خدا ترس ہے (تو یہاں سے ہٹ جا) فرشتے نے کہا۔ میں تمہارے رب کا بھیجا (فرشتہ) ہوں تاکہ تم کو ایک پاکیزہ لڑکا دوں ۔ وہ کہنے لگیں۔ میرے لڑکا کس طرح ہو جائیگا حالانکہ مجھ کو کسی بشر نے ہاتھ تک نہیں لگایا اور نہ میں بدکار ہوں ۔ فرشتے نے کہا یونہی (اولاد ہو جائے گی) ... تاکہ اس (فرزند) کو لوگوں کے لئے ایک نشانی (اپنے قدرت کی) بنادیں اور (باعث) رحمت بنائیں ... پھر ان کے پیٹ میں وہ لڑکا رہ گیا۔ پھر وہ اس (حمل) کو لئے ہوئے اپنے گھر سے دور کسی جگہ پر چلی گئیں۔ پھر دردِ زہ کے مارے کھجور کے درخت کی طرف آئیں اور کہنے لگیں کاش میں اس سے قبل ہی مرگئی ہوتی ... پھر وہ ان کو (عیسیٰ) کو گود میں لئے اپنی قوم کے پاس آئیں۔ (سورہ مریم۔ رکوع ۲، پارہ ۔ ۱۶)

دیکھ لیا نا ———— اللہ پاک کی فطرت اور قدرت کہ :—

(۱) بغیر ماں باپ کے آدمؑ اور حواؑ کو پیدا فرمایا اور ان کے ملنے سے مرد اور عورت پیدا فرمائے۔

(۲) جب مرد اور عورت کی ہم بستری اور مجامعت کو اولاد کی پیدائش کا ذریعہ وسبب بنایا مگر جب حضرت زکریاؑ ضعیف ہو کر ہم بستری کے قابل نہ رہے اور بیوی تو بانجھ تھیں اس کے باوجود کہ اسباب اولاد ہونے کے ختم اور منقطع ہو چکے تھے، اللہ پاک نے اسباب پیدا فرما کر اولاد عطا فرمائی اور ظاہر فرمادیا کہ ہم مسبب الاسباب ہیں۔

(۳) بی بی مریم کو حضرت عیسیٰ علیہ السلام فرزند عطا فرما کر دنیا کو بتادیا کہ ہم بغیر باپ کے بھی اولاد عطا فرما سکتے ہیں اور اسباب ظاہری کے بغیر بھی اللہ پاک انسان کو بغیر ماں باپ کے پیدا کرنے کی بدرجہ اتم قدرت رکھتے ہیں۔ لیکن عام طور پر اللہ پاک نے مرد اور عورت کی مجامعت کے ذریعہ اولاد پیدا کرنے کا ایک نظام قائم فرمادیا ہے کہ بعد ہم بستری اور مجامعت نطفہ سے جبکہ وہ عورت یعنی ماں کے رحم میں داخل ہو اولاد پیدا ہو۔ یہاں یہ امر بھی قابل

توجہ اور لائق غور ہے کہ چاہے ہزار بار مرد اور عورت ہم بستر کیوں نہ ہوں نطفہ عورت
رحم میں داخل ہوتا رہے لیکن اللہ پاک جس قطرہ منی کو سبب بنا کر انسان کو وجود
چاہتے ہیں اسی قطرہ منی سے انسان وجود میں آتا ہے۔ مرد عورت کی ہر دفعہ کی مجامعت
کو جنم نہیں دیتی اس سے ماں باپ کی بے بسی اور اللہ پاک کی قدرت کا پتہ چلتا ہے
رحم میں نطفہ داخل ہونے کے بعد اللہ پاک لڑکے یا لڑکی کو جنم جب دینا چاہتے ہیں تو کیا ہوتا۔ پڑھیئے قرآن

"اور ہم نے انسان کو مٹی کے خلاصہ سے بنایا اور ہم نے اس کو نطفہ سے بنایا جو کہ (ایک مدت معینہ تک) ایک محفوظ مقام (یعنی رحم) میں رہا۔ پھر ہم نے اس نطفہ کو خون کا لوتھڑا بنا دیا۔ پھر ہم نے اس خون کے لوتھڑے کو گوشت کی بوٹی بنا دیا۔ پھر ہم نے اس بوٹی (کے بعض اجزاء) کو ہڈیاں بنا دیا۔ پھر ہم نے ان ہڈیوں پر گوشت چڑھا دیا۔ پھر ہم نے اسمیں روح ڈال کر اسکو ایک دوسری ہی طرح کی مخلوق بنا دیا تو کیسی شان ہے اللہ کی جو احسن الخالق یعنی بہترین پیدا کرنے والے اور تمام صناعوں سے بڑھ کر ہیں۔ (پارہ ۱۸ ۔ سورہ المومنون ۔ آیت ۱۲ تا ۱۵)

علامہ اقبال اللہ پاک کی بے پایاں قدرت بالغہ کے بارے میں جو آفاق میں روشن ہے اس طرح عرض کرتے ہیں۔

اے انفس و آفاق میں پیدا ترے آیات ؛ حق یہ ہے کہ زندہ و پائندہ تری ذات
ہم بلا شب و روز جکڑے ہوئے بندے ؛ تو خالق اعصار و نگارندۂ آیات

## باب دوم

## اولاد اللہ پاک کا عطیہ اور امانت اور بروز قیامت والدین سے بھی پوچھ

باب اول سے ظاہر ہو گیا ہو گا کہ اللہ پاک ایک سبب بنا کر ماں باپ کو اولاد عطا
ہیں گویا اولاد اللہ کی جانب سے ماں باپ کے لئے ایک نعمت اور رحمت ہے اور ایک ا
بھی ۔ جس طرح دوسری اور بھی نعمتیں رحمتیں اور امانتیں اللہ پاک کی ہیں مثلاً دولت، زند
انسان کے اعضاء ہاتھ پاؤں آنکھ وغیرہ ۔ انسان کو بروز قیامت اللہ پاک کو تمام عطا کردہ
اور امانتوں کا حساب کتاب دینا ہو گا کہ اللہ پاک کے امانتوں کی حفاظت کس طرح کی اسکی عط

...ن کا حق کس طرح ادا کیا۔ اللہ پاک کی ہر نعمت جو بطور رحمت انسان کو دی گئی تھی اسکو ...ت ہی بنائے رکھا یا اپنے ہاتھوں اور اعمال سے اسکو اپنے لئے زحمت اور وبال جان ...یا۔ جن نعمتوں اور امانتوں کا بروز قیامت انسان کو حساب دینا ہے اسمیں اولاد بھی شامل ...۔ ایک جانب اولاد کو ماں باپ کے حقوق کی ادائی کا حساب دینا ہوگا تو وہیں ماں باپ کو بھی ...حساب اللہ پاک کو دینا ہوگا کہ آیا ماں اور باپ نے اولاد کے ساتھ انصاف کیا۔ کس انداز ...ان کی خدمت کی اور تعلیم و تربیت کا کس طرح حق ادا کیا۔ شرک اور کفر سے آیا انہیں بچایا ...ت کا تصور پیدا کیا۔ اللہ اور رسولؐ کے حقوق بتائے اور قرآن حکیم میں اللہ پاک نے جو ...اد فرمایا " واطیعوا اللہ واطیعوا الرسول " (سورہ نساء) اس کے معنی سمجھے اور ...د کو سمجھائے خود کیا عمل کیا اور اولاد کو کس راستے پر ڈالا۔

## مقامات والدین اور والدین کے اقسام

یہ امر غور طلب ہے کہ والدین کا مقام اسلئے بلند رکھا گیا ہے کہ ماں اولاد کو دردِ زہ کی تکالیف برداشت کر کے جنم دیتی ہے اور ماں باپ پرورش کر کے اولاد کو بڑا کرتے ہیں اسلئے ماں کے قدموں کے نیچے جنت اور باپ کو جنت کا دروازہ فرمایا اس کا الحاق کن والدین پر ہو سکتا ہے اس امر کو سمجھنے کے لئے ہم کو والدین کے اقسام پر اقسام ...ر کرنا ہوگا۔

## حیوانات اور بچے

حیوانات بھی دردِ زہ کی تکالیف سے دوچار ہو کر بچے جنم دیتے اور اپنے بچوں کی ایک خاص مدت اور عمر تک ...ش کرتے ہیں چونکہ وہ شعور کامل سے محروم ہیں اسلئے بروز قیامت ان سے پوچھ نہیں۔ ...ا ہر فعل تقاضہ فطرت کی تکمیل سمجھا جائے گا۔ حالانکہ تکالیف تو وہ بھی بچوں کی خاطر ...شت کرتے ہیں۔ اب سوال رہ جاتا ہے انسان کا جسکو اللہ پاک نے اپنا نائب بنایا اور ...، پر شدید ذمہ داریاں عقل و فہم عطا فرماکر عائد فرمائی ہیں۔ اب انسانوں میں بھی والدین کے ...ایاں اقسام ہیں۔

## مشرک اور کافر والدین

مشرک اور کافر مائیں بھی اولاد کو دردِ زہ کے ساتھ جنم دیتی۔ مشرک اور کافر ماں باپ اولاد کو بڑی مشکلات سے پالتے اور پرورش کرتے اور دنیا کے اونچے مقامات پر

پہنچا دیتے ہیں کیا ایسی ماؤں کے قدموں تلے جنت اور ایسے باپ جنت کا دروازہ بن سکتے ہیں؟ اور شرک اور کفر کی غلاظت میں مبتلا رہ کر خود دائمی طور پر جنت سے محروم ہیں تو جنت کی راہ وہ کیا دکھائیں گے؟ جو خود گم کردہ راہ ہوں۔ قرآن حکیم میں اللہ پاک صاف فرماتے ہیں سورہ "الدھر" پارہ ۲۹)

"ہم نے انسان کو مخلوط نطفہ سے پیدا کیا۔ اس طور پر کہ ہم اسکا امتحان لیں، چنانچہ ہم نے اسکو سنتا دیکھتا (سمجھتا) بنایا (۲) ہم نے اس کو راہ (راستہ) بتلائی (۳) تو وہ یا تو شکر گذار (مومن) ہوگیا یا ناشکرا (کافر) ہوگیا۔ ہم نے کافروں کے لئے زنجیریں اور طوق اور آتش سوزاں تیار کر رکھی ہیں (۴)

قرآن حکیم پارہ ۲۹ سورہ الدھر جسکو سورہ انسان بھی کہتے ہیں کہ آیات ۲ تا ۴ کا ترجمہ پیش کیا کہ اللہ پاک نے انسان کا امتحان لینے اسے عقل و سمجھ سے نوازا اور اسکو راستہ صحیح دکھایا تو اسمیں انسانوں کے گروہ دو اقسام کے ہوگئے کہ اللہ کی جانب سے راستہ دکھانے کے بعد ایک گروہ شکر گذار اور مومن ہوگیا اور دوسرا انسان کا گروہ باوجود راستہ دکھانے کے کافر ہوگیا تو اللہ پاک بہ بانگ دہل فرماتے ہیں ایسے کافروں کے لئے ہم نے زنجیریں طوق، آتش سوزاں تیار کر رکھی ہیں تو اسے کافر والدین یعنی ماؤں کے قدموں تلے اولاد کو جنت نصیب ہوسکتی ہے نہ باپ اولاد کے لئے جنت کا صدر دروازہ بن سکتا ہے۔ اسلام ایک مکمل ضابطہ حیات ہے جو اس دنیا کی موجودہ زندگی اور بعد کی زندگی کو سنوارنے کے راستے دکھاتا ہے۔ اسلام ماں باپ کو اپنے حدود سے واقف کرواتا ہے اور اولاد کو اپنے حدود کی نشان دہی کرتا ہے۔

## مشترک والدین اور اولاد کے تعلقات و فرائض

اب ہم ان ترقی یافتہ ممالک کے والدین اور اولاد کے تعلقات اور فرائض کے تعلق سے واقعات پر روشنی ڈالنے جا رہے ہیں یعنی وہ ممالک جو سوپر پاور کہلاتے ہیں۔ واقعات دیکھ کر اور عمیق مطالعہ کرنے کے بعد یہی کہا جاسکے گا کہ ہر چمکنے والی چیز سونا نہیں ہوسکتی۔ علامہ اقبالؒ نے بھی جنہوں نے مغرب میں بھی تعلیم پائی وہاں کی تہذیب کلچر کو بنظر غائر دیکھا فرماتے ہیں

نظر کو خیرہ کرتی ہے چمک تہذیب حاضر کی ‏ ‏ یہ صناعی مگر جھوٹے نگوں کی ریزہ کاری ہے

وہ حکمت ناز تھا جس پر خردمندان مغرب کو ‏ ‏ ہوس کے پنجہ خونیں میں تیغ کارزاری ہے

بیر کی فسوں کاری سے محکم ہو نہیں سکتا ؛ جہاں میں جس تمدن کی بنا سرمایہ داری ہے
نیس محمد رحان جو کیلی فورنیا (امریکہ) میں عرصہ سے مقیم ہیں امریکی اور یورپی تہذیب
بھر میں رات دن رہتے بستے ہیں ایک مضمون "امریکہ میں عمر رسیدہ لوگ" کے
شائع کیا ہے اس کا ضروری حصہ ہم بجنسہ نقل کرتے ہیں۔
اس ملک میں اکثر عمر رسیدہ حضرات کی رنگینیاں اور زندہ دلی عمر کے تقاضوں سے مجبور
نہیں پڑ جاتیں، بلکہ بچی کچی زندگی کے ہر لمحہ کو پُر لطف اور پُر مسرت بنانے کی سعی کرتے رہتے
رماہ ان سنٹرز میں رات میں ڈانس بھی ہوتا ہے جہاں بوڑھے جوڑے آرکسٹرا کی دھنوں پر
رگئے تک ناچتے گاتے ہیں اور شراب نوشی کا سلسلہ چلتا رہتا ہے۔ اس تصویر کا
سرا رخ بھی ہے جو کافی تکلیف دہ نظارہ پیش کرتا ہے۔ کافی عمر لوگوں کے لئے جن کی
۷، ۸۰ سال سے متجاوز ہوتی ہیں ان کے لئے "بوڑھوں کا گھر" (HOME FOR
AG ہوتا ہے جہاں ان کے رہنے سہنے، کھانے پینے کا بندوبست رہتا ہے۔ یہ گھر
، یا خیراتی اداروں کی جانب سے چلائے جاتے ہیں۔ قیام شکاگو کے زمانہ میں مجھے
ں گھر جانے کا اتفاق ہوا تھا۔ ایک بوڑھی عورت سے بات چیت کے دوران اس نے
یا کہ گذشتہ سال کرسمس میں اس کا لڑکا اس سے ملنے یہاں آیا تھا اور اسے ڈنر کے لئے
ل بھی لے گیا تھا۔ میں نے پوچھا کہاں رہتا ہے تو وہ کہنے لگی یہیں شکاگو میں۔ یہ
یت کا واحد واقعہ نہیں ہے۔ اولاد بھائی بہنوں سے گو وہ سب ایک ہی شہر میں کیوں
نہ ہوں برسوں ملاقات نہیں ہوتی۔ دکھ سکھ میں ان کا اپنا کوئی نہیں۔ امریکن کلچر کچھ
ہے کہ لڑکے ۱۸ سال کی عمر کے ہوتے ہی ماں باپ اسکی ذمہ داریوں سے بری ہو جاتے ہیں۔
قبل تعلیم ملازمت اور شادی بیاہ کا وہ خود انتظام کرلیتا ہے اور شادی کے بعد فوری علیحدہ
لگتا ہے۔ غریب ماں باپ جب کمانے کے قابل نہیں رہتے یا ... اور آمدنی کا ذریعہ نہیں
یہ ان گھروں میں جا بستے ہیں۔ زندگی کی خوشیاں اور مسرتیں ان سے منہ موڑ لیتی ہیں
د کی محبت سے محروم ان لوگوں میں جینے کی آرزو باقی نہیں رہتی وہ اپنے آپ کو ملک
سائیٹی کے لئے ایک بار سمجھتے ہیں (۸۰) سال سے اوپر کے لوگوں میں بالعموم خودکشی کے
ت پیدا ہو گئے ہیں وہ ٹھنڈے دل سے اس امر پر غور کرتے ہیں کہ جب جینے کا کوئی مقصد
نہیں تو جینا غیر ضروری ہے۔ خودکشی کی شرح اس عمر کے لوگوں میں ۲۱۶ فی لاکھ ہے

توجہ اور لائق غور ہے کہ چاہے ہزار بار مرد اور عورت ہم بستر کیوں نہ ہوں نطفہ عورت کے رحم میں داخل ہوتا رہے لیکن اللہ پاک جس قطرہ منی کو سبب بنا کر انسان کو وجود میں لانا چاہتے ہیں اسی قطرہ منی سے انسان وجود میں آتا ہے۔ مرد عورت کی ہر وقت کی مجامعت اولاد کو جنم نہیں دیتی اس سے ماں باپ کی بے بسی اور اللہ پاک کی قدرت کا پتہ چلتا ہے۔ ماں کے رحم میں نطفہ داخل ہونے کے بعد اللہ پاک لڑکے یا لڑکی کو جنم جب دینا چاہتے ہیں تو کیا ہوتا۔ پڑھیئے قرآن حکیم :-

"اور ہم نے انسان کو مٹی کے خلاصہ سے بنایا اور ہم نے اس کو نطفہ سے بنایا جو کہ (ایک مدت معینہ تک) ایک محفوظ مقام (یعنی رحم) میں رہا۔ پھر ہم نے اس نطفہ کو خون کا لوتھڑا بنا دیا۔ پھر ہم نے اس خون کے لوتھڑے کو گوشت کی بوٹی بنا دیا۔ پھر ہم نے اس بوٹی (کے بعض اجزاء) کو ہڈیاں بنا دیا۔ پھر ہم نے ان ہڈیوں پر گوشت چڑھا دیا۔ پھر ہم نے اسمیں روح ڈال کر اسکو ایک دوسری ہی طرح کی مخلوق بنا دیا تو کیسی شان ہے اللہ کی جو احسن الخالق یعنی بہترین پیدا کرنے والے اور تمام صناعوں سے بڑھ کر ہیں۔ (پارہ ۱۸ - سورہ المومنون - آیت ۱۲ تا ۱۵)

علامہ اقبال اللہ پاک کی بے پایاں قدرت بالغہ کے بارے میں جو آفاق میں روشن وعیاں ہے اس طرح عرض کرتے ہیں۔

اے انفس و آفاق میں پیدا ترے آیات ❊ حق یہ ہے کہ زندہ و پائندہ تری ذات
ہم بلاشب و روز جکڑے ہوئے بندے ❊ تو خالق اعصار و نگار ندۂ آیات

# باب دوم

## اولاد اللہ پاک کا عطیہ اور امانت اور بروز قیامت والدین سے بھی پوچھ

باب اول سے ظاہر ہو گیا ہوگا کہ اللہ پاک ایک سبب بنا کر ماں باپ کو اولاد عطا فرماتے ہیں گویا اولاد اللہ کی جانب سے ماں باپ کے لئے ایک نعمت اور رحمت ہے اور ایک امانت بھی۔ جس طرح دوسری اور بھی نعمتیں رحمتیں اور امانتیں اللہ پاک کی ہیں مثلاً دولت، زندگی، خود انسان کے اعضا ہاتھ پاؤں آنکھ وغیرہ۔ انسان کو بروز قیامت اللہ پاک کی تمام عطا کردہ نعمتوں اور امانتوں کا حساب کتاب دینا ہوگا کہ اللہ پاک کے امانتوں کی حفاظت کس طرح کی اسکی عطا کردہ

حق کس طرح ادا کیا۔ اللہ پاک کی ہر نعمت جو بطور رحمت انسان کو دی گئی تھی اسکو
بناتے رکھا یا اپنے ہاتھوں اور اعمال سے اسکو اپنے لئے زحمت اور وبال جان
جن نعمتوں اور امانتوں کا بروز قیامت انسان کو حساب دینا ہے اسمیں اولاد بھی شامل
ے جانب اولاد کو ماں باپ کے حقوق کی ادائی کا حساب دینا ہوگا تو وہیں ماں باپ کو بھی
با اللہ پاک کو دینا ہوگا کہ آیا ماں اور باپ نے اولاد کے ساتھ انصاف کیا۔ کس انداز
خدمت کی اور تعلیم و تربیت کا کس طرح حق ادا کیا۔ شرک اور کفر سے آیا انہیں بچایا یا
تصور پیدا کیا۔ اللہ اور رسولؐ کے حقوق بتائے اور قرآن حکیم میں اللہ پاک نے جو
مایا " واطیعوا اللہ واطیعوا الرسول " (سورہ نساء) اس کے معنی سمجھے اور
بھائے خود کیا عمل کیا اور اولاد کو کس راستے پر ڈالا۔

## مات والدین والدین کے اقسام

یہ امر غور طلب ہے کہ والدین کا مقام اسلئے بلند رکھا گیا ہے کہ
ماں اولاد کو درد زہ کی تکالیف برداشت کر کے جنم دیتی ہے
اور ماں باپ پرورش کر کے اولاد کو بڑا کرتے ہیں اسلئے ماں
کے قدموں کے نیچے جنت اور باپ کو جنت کا دروازہ فرمایا
ہ کا الحاق کن والدین پر ہو سکتا ہے اس امر کو سمجھنے کے لئے ہم کو والدین کے اقسام؛ اقسام
اہو گا۔

## وانات اور بچے

حیوانات بھی درد زہ کی تکالیف سے دوچار ہو کر بچے جنم
دیتے اور اپنے بچوں کی ایک خاص مدت اور عمر تک
رتے ہیں چونکہ وہ شعور کامل سے محروم ہیں اسلئے بروز قیامت ان سے پوچھ نہیں۔
ل تقاضہ فطرت کی تکمیل سمجھا جائے گا۔ حالانکہ تکالیف تو وہ بھی بچوں کی خاطر
کرتے ہیں۔ اب سوال رہ جاتا ہے انسان کا جسکو اللہ پاک نے اپنا نائب بنایا اور
شدید ذمہ داریاں عقل و فہم عطا فرما کر عائد فرمائی ہیں۔ اب انسانوں میں بھی والدین کے
اقسام ہیں۔

## شرک اور کافر والدین

مشرک اور کافر مائیں بھی اولاد کو درد زہ
کے ساتھ جنم دیتی۔ مشرک اور کافر ماں باپ
د کو بڑی مشکلات سے پالتے اور پرورش کرتے اور دنیا کے اونچے مقامات پر

جبکہ پورے ملک میں خودکشی کی شرح (۱۲) فی لاکھ ہے۔ عمر رسیدہ لوگوں کی خودکشی کی تعداد
میں ہر سال اضافہ ہوتا جارہا ہے۔ یہ لوگ دیدہ و دانستہ بھوکے رہ کر یا دواؤں کی مقدار
کم یا زیادہ کھا کر اپنی ذہنی الجھنوں سے ہمیشہ کے لئے چھٹکارہ پا لیتے ہیں۔ بعض صورتوں میں
اپنی خودکشی کے تعلق سے یہ لوگ اپنی اولاد سے بھی مشورہ کرتے ہیں اور ان کی رضامندی
یا نیم خاموشی کو رضامندی سمجھ کر خودکشی کر لیتے ہیں۔ بڑھتی ہوئی مادہ پرستی نے جہاں پرانی قدروں
کو پیچھے ڈال دیا ہے وہیں خاندان یعنی ماں باپ اور بھائی بہن کے خونی رشتہ کو بھی ایک رسمی اور
اخلاقی رشتہ بنا کر رکھ چھوڑا ہے۔ مغرب میں ماں باپ کے آپسی ناخوشگوار تعلقات ان
آئے دن کے جھگڑے ان کی سرکاری اور سوشیل مصروفیات علیٰحدگی اور طلاق کے باعث امریکن بچے
عموماً ماں باپ کی محبت اور ان کی رہبری سے محروم رہتے ہیں۔ امریکی ماہرانِ تعلیم نے یہ نتیجہ اخذ
کیا کہ ایشیائی طلبا پر ان کی تعلیم و تربیت کے تعلق سے ماں باپ کی کڑی نگرانی رہتی ہے۔ یہ
نظم و ضبط کے عادی اور اپنے اپنے مذہب کی بڑی حد تک پابندی کرتے ہیں۔ اس کے برخلاف
امریکی طلبا۔ ماں باپ کی عدم دلچسپی و نگرانی کے باعث ڈرگس جرائم اور جنسی بے اعتدالیوں میں
ملوث ہیں۔ مادہ پرستی اور مذہب سے انحراف نے نہ صرف امریکی خاندان بلکہ پورے امریکی
معاشرہ کے ڈھانچہ کو کھوکھلا کر دیا ہے۔ امریکیوں کی ایک قابل لحاظ تعداد مذہب کی قائل نہیں
اور ایک بڑی اکثریت مذہب کی پابندی نہیں کرتی۔ جو امریکن کرسچن ہونے کا دعویٰ کرتے ہیں
وہ کبھی کبھار بوجہ مجبوری چرچ جاتے ہیں۔ پورے مغرب کا یہی حال ہے۔ یہ اندازہ کیا گیا ہے
(۲۳۰) ملین لوگ ایسے ہیں جو خدا کے منکر ہیں اور یہ کہ دنیا کا ہر پانچواں شخص مذہب کا قائل نہیں۔
مغرب نے لاکھ مادی ترقی کی ہو لیکن اس میں شک نہیں کہ اس کا معاشرہ تیزی سے تباہی کی طرف
جارہا ہے۔ سائنس اور ٹکنالوجی نے مادی آرام و آسائش بہت کچھ دیا ہے لیکن وہیں روحانی
و ذہنی سکون و اطمینان چھین لیا اور خاندانی محبت و یکتا کو بیحد کمزور کر دیا اولاد ایک مخصوص
عمر کو پہنچنے کے بعد ماں باپ کی محبت اور ان کی اہمیت کو نیم فراموش کر دیتی ہے اور ماں باپ
جب عمر کے اس حصہ میں پہنچ جاتے ہیں جب ان کو سہارہ کی محبت و پیار کی اور اخلاقی
امداد کی ضرورت ہوتی ہے تو وہ اپنے آپ کو بالکل بے بس پاتے ہیں۔ سوائے حکومتی
یا خیراتی اداروں کے ان کا پوچھنے والا نہیں رہتا۔ مشرق سے یہاں آکر بس جانے والوں کا بھی
شائد چند نسلوں کے بعد یہی حشر ہو جائے۔"

___ سن لیا آپ نے! ترقی یافتہ ملکوں کے ماں باپ اور اولاد کے تعلقات کا
اور ان کی بے دینی صرف اسلام ہی ایک ایسا مذہب ہے جو اولاد پر ان کے حقوق
یہ کے حقوق خاندان اور رشتہ داروں کے حقوق اولاد پر والدین کے حقوق والدین پر
کے حقوق سے باخبر کرتا ہے اور جو اللہ پاک کے ہی قائل نہیں۔ علامہ اقبال فرماتے ہیں۔

تری نگاہ میں ثابت نہیں خدا کا وجود ؛ میری نگاہ میں ثابت نہیں وجود ترا
دیں ہو تو مقاصد میں بھی پیدا ہو بلندی ؛ فطرت ہے جوانوں کی زمیں گیر زمیں تاز

مذہب اسلام ہی والدین کے حقوق اولاد پر اور اولاد کے حقوق والدین پر کیا ہیں واقف
کرتا ہے۔ فیضان سماوی سے آشنا کرتا ہے۔ احساس مروت پیدا کرتا ہے۔ مادہ پرست مشرکوں
کافروں کی ترقی دل کی موت بن کر بطور عذاب نازل ہوتی ظاہر ہوتی ہے۔ علامہ اقبال نے کس قدر صحیح
یہ کیا ہے۔

بیکاری و عریانی و مے خواری و افلاس ؛ کیا کم ہے فرنگی مدنیت کے فتوحات!
ہے دل کیلئے مرگ مشینوں کی حکومت ؛ احساس مروت کو کچل دیتے ہیں آلات!

آپ نے مشرک و کافر والدین اور مشرک اور کافر اولاد کا حال سن لیا کہ احساس مروت
احساس زائل — نتیجہ یہ کہ فیضان سماوی سے یکسر محروم جیسا کہ حضرت اقبالؒ فرماتے ہیں۔

وہ قوم کہ فیضان سماوی سے ہو محروم ؛ حد اس کے کمالات کی ہے برق و بخارات

اسلام ایک واحد مذہب ہے جو فیضان سماوی سے بہرہ ور کرتا ہے۔ ایک رشتہ
کا ہوتا ہے اور ایک رشتہ فرزند کا ایک رشتہ باپ اور فرزند کا اللہ پاک سے ہوتا ہے۔
طرح باپ اللہ کے حکم کا پابند ہوتا ہے۔ کس طرح بیٹا باپ اور اللہ کے حکم پر جان
قربان کرنے کو باعث فخر سمجھتا ہے۔ یہی وہ رمز اور راز ہیں جو ایک صاحب بصیرت صاحب
اور صاحب ایمان کے سامنے کھل کر آتے ہیں کہ ایک صاحب ایمان فرزند کس قدر باپ کا
فرمانبردار بیٹا اور اللہ پاک کا ایک فرمانبردار بندہ ہوتا ہے کہ باپ اور اللہ پاک کے حکم پر جان کی
قربانی سے بھی گریز نہیں کرتا۔ حضرت ابراہیمؑ اور حضرت اسمٰعیلؑ کی یہی وہ مثال ہے کہ دن کو
آفتاب اور رات کو ماہتاب بن کر دنیا کو روشن کرتی اور ہر صاحب ایمان کی رہنمائی کرتی اور اسکو
ہستیوں کے نقش قدم پر چلنے کی تلقین اور ہدایت کرتی اور اسلام کے فیضان نظر کو ظاہر
کرتی ہے۔ علامہ اقبالؒ کس قدر حسین پیرایہ میں اس فیضان سماوی و فیضان نظر کو سمجھا رہے ہیں

یہ فیضانِ نظر تھا یا کہ مکتب کی کرامت تھی سکھائے کس نے اسمٰعیل کو آداب فرزندی
اسلام فیضان سماوی اور فیضان نظر سے صاحب ایمان کو بہرہ ور کرتا ہے اسلام والدین اور
اور اللہ پاک کے فرمانبرداری کے حدود مقرر کرتا ہے۔ والدین کے اولاد پر کیا حقوق ہیں
تو ہم اس کتاب میں بیان کرینگے ہی لیکن بڑھاپے میں اولاد کا والدین کی خدمت سے غفلت
برتنے کے تعلق سے کیا حکم عالی ہے ایک حکم سن لیجئے جس کے راوی حضرت ابوہریرہ
رضی اللہ عنہ ہیں کہ :

"فرمایا رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم نے رسوا ہو، رسوا ہو جس نے اپنے
والدین کو دونوں کو یا کسی ایک کو بڑھاپے کی حالت میں پایا اور پھر ان کی
خدمت کر کے جنت میں داخل نہ ہوا۔" (مسلم)

مزید تفصیلات "والدین کے حقوق" کی ہماری کتاب میں ملاحظہ فرمائیے۔ اب ہم
والدین کی جانب متوجہ ہوتے ہیں :

## حیوان، مشرک، کافر، مسلمان اور مومن کے اولاد پیدا کرنے کا اسلامی نقطہ نظر

جیسا کہ ہم قبل ازیں بھی بیان کر چکے ہیں کہ حیوانات بھی بچے پیدا کرتے ہیں۔ اللہ
نے حیوانات کو بھی جذبہ شہوت اور قوت باہ عطا فرمائی ہے جس سے نر اور مادہ آپس میں ملتے
اور اولاد یعنی بچے پیدا کرتے ہیں اس سے خدا کا مقصد ان کی نسل کو انسانوں کے استفادہ کے
باقی رکھنا ہے جیسا کہ اللہ پاک فرماتے ہیں۔

هُوَ الَّذِىْ خَلَقَ لَكُمْ مَا فِى الْاَرْضِ جَمِيْعًا (آیت ۱۹ سورۃ البقرہ پارہ۔

ترجمہ: وہ ذات ایسی ہے جس نے پیدا کیا کہ تمہارے (انسان) کے فائدے کے لئے جو
زمین میں موجود ہے سب کا سب اللہ پاک نے فرمادیا کہ سب کا سب انسانوں کے لئے پیدا
کیا اور انسانوں کے بارے میں اللہ پاک فرماتا ہے۔ " انہیں پیدا کیا ہم نے جن اور انسان
کو مگر اسلئے کہ ہماری عبادت کریں۔ مگر انسانوں کو اجناء پر اللہ پاک نے زمین پر اپنا

بنا کر فوقیت اور افضلیت دی جیسا کہ قرآن حکیم میں ارشاد باری ہو رہا ہے۔

قَالَ رَبُّكَ لِلْمَلٰٓئِكَةِ اِنِّیْ جَاعِلٌ فِی الْاَرْضِ خَلِیْفَةً

(سورہ البقرہ۔ پارہ۔ ۱۔ آیت ۳۰)

یہ: ارشاد فرمایا آپ کے رب نے فرشتوں سے کہ ضرور میں بناؤں گا زمین میں (اپنا) ایک نائب۔

بہر حال انسان کو اللہ پاک نے اپنا نائب بنایا جیسا کہ ہم گذشتہ باب میں کہہ آئے ہیں الدھر میں اللہ پاک نے فرما دیا ہے کہ ہم نے انسان کو سنتا سمجھتا دیکھتا یعنی صاحب عقل بنا دیا ستہ دکھایا جنہوں نے باوجود راستے بتلانے کے راہ غلط راہ اختیار کی۔ وہ کافر ہو گیا اور ان ے اللہ پاک نے فرمایا کہ ہم نے کافروں کے لئے زنجیریں اور طوق اور آتش سوزاں تیار ہیں اور جو صحیح راہ پہ راستہ بتلانے پر گامزن ہیں۔ اللہ نے ان کو شکر گذار اور مومن فرما کر کی نعمتوں کی بشارتیں دی ہیں۔ اس طرح مسلمان اور مومن پر اللہ کے نائب ہونے مائد ہوا۔ لہذا مسلمان اور مومن کی بڑی شان ہوئی جس کے بارے میں علامہ اقبال ، ہیں کہ حق بن کر دنیا پر چھا جانے کے لئے مومن پیدا کیا گیا کس قدر صحیح تعریف حضرت نے مومن اور مسلمان کی پیدائش کے تعلق سے کی ہے اور مقصد پیدائش کو اجاگر کیا ہے:

## مسلم کی پیدائش کا مقصد

| | |
|---|---|
| حق نے عالم اِس صداقت کیلئے پیدا کیا | اور مجھے اسکی حفاظت کے لئے پیدا کیا |
| دہر میں غارت گر باطل پرستی میں ہوا | حق تو یہ ہے حافظ ناموس ہستی میں ہوا |
| نبض موجودات میں پیدا حرارت اس سے ہے | اور مسلم کے تخیل میں جسارت اس سے ہے |

مندرجہ بالا حضرت اقبال کے اشعار کی روشنی میں جو کہ آیات قرآنی و منشاء اللہ پاک ہے اب دیکھیں گے کہ آیا مسلمان اولاد کس انداز سے پیدا کر رہا ہے اس کا مقصد اپنی ذات سے صداقت ر کرنا اور اولاد کو صداقت کی حفاظت اور باطل کو مٹانے کے لئے پیدا کر رہا ہے۔ کیا نبض ت میں حرارت پیدا کرنا مسلمان کے اولاد پیدا کرنے کا مقصد ہے یا خواہشات اور نفس و شہوت کی تکمیل بطور عیاشی کرنا اس کا مطلوب ہے اور اولاد کے حقوق ان معنوں میں رہا ہے جسکی ذمہ داری جیسا کہ اوپر بیان کیا گیا اس پر اللہ و رسول نے عائد کی ہے

مسلمانوں نے کب سے اپنا یہ انداز چھوڑ رکھا کہ زندگی اپنی اور اپنی اولاد کی نام خدا روٹ
کی حفاظت کے لئے باقی نہیں رہی۔ بقول علامہ اقبال۔
ہم تو جیتے ہیں کہ دنیا میں ترا نام رہے ؎ کہیں ممکن ہے کہ ساقی نہ رہے

## مسلمان مرد اور عورت پر اولاد پیدا کرنے کے قواعد اور حدود شرعی

شہوت اور قوت باہ تو حیوانات مشرکین اور کفار سب کو عطا کی گئی ہے تا کہ
عورت کی مجامعت سے اولاد پیدا ہو۔ لیکن مسلمان شہوت اور قوتِ باہ کا حیوانات
کفار کی طرح غلط اور بے ہنگام استعمال نہیں کرتا۔ مطلب یہ ہے کہ نہیں کرے
اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم نے اس سلسلہ میں کھلے اور صریح احکام اور قانون
(۱) مرد اور عورت کا باہمی نکاح مناسب مہر کے تعین کے ساتھ ہو کہ جائز ا
(۲) جن رشتوں سے نکاح ناجائز اور کن رشتوں سے جائز ہے اسکی تفصیل
نے بتلادی ہے۔
(۳) بیوی اگر حالتِ حیض میں ہے تو شوہر بیوی ہم بستری نہ کریں اس حالت
نصان دہ ہوگی اور جو اولاد پیدا ہوگی وہ حیضی بچہ "ولد الحیض" حرامی "
اس کے ذمہ دار والدین ہونگے اور سخت گناہ گار۔
(۴) کافر اور مشرک عورت سے مسلمان نکاح نہیں کر سکتا جب تک کہ و
نہ کرے۔ اسلام قبول کئے بغیر مشرک اور کافر عورت کی ہم بستری زنا میں د
اس سے جو اولاد ہوگی وہ "حرامی" اور "ولد الزنا" کہلائے گی جس طرح
سے مجامعت کرنے سے اولاد پیدا ہو تو حرامی اور "ولد الزنا" کہلاتی ہے
جنم دینے کا گناہ ماں باپ پر ہوگا اور وہ زنا کی سزا کے اسی طرح مستحق
طرح بغیر نکاح کے مجامعت کرنے کی عورتیں ہوتے ہیں۔

(۵) اہلِ کتاب عورت سے مسلمان نکاح کر سکتا ہے بشرطیکہ اولاد کو ا
قائم رکھ سکے۔ مگر
(۶) مسلمان عورت اہلِ کتاب مرد سے نکاح نہیں کر سکتی۔

(۷) باندی سے نکاح کی ضرورت نہیں جبکہ وہ باندی مال غنیمت کے طور پر جہاد میں ملی ہو اور
بہ قحط والدین نے فروخت کی ہو۔ خواہ مخواہ باندی بنا کر یا خواص کا نام دے کر ہم بستری زنا ہوگی۔
(۸) چار سے زیادہ بیویاں بہ وقت واحد نکاح میں نہ رہیں چار بھی انصاف کے ساتھ۔

اللہ پاک نے مرد اور عورت کو شہوت کا جذبہ عطا کیا ہے۔ شہوت کے معنی ہیں خواہش
ع۔ جنسی خواہشات۔ اللہ پاک نے مرد اور عورت میں غضب کی کشش اور جنسی ملاپ
، غضب کی لذت رکھی ہے۔ مگر مسلمان مرد اور مسلمان عورت تو وہ ہیں جو اپنے تمام خواہشات
اللہ کے احکام کے حدود میں رکھتے ہیں ان کا مقصد مجامعت سے صرف اولاد صالح کا جنم
ہا ہے وہ شہوت سے واجبی حدود میں لطف اندوز ہوتے ہیں۔ خواہشات میں خلاف احکام
ہ نہیں جاتے یا ناجائز اولاد کو جنم دے کر گنہگار دائمی نہیں بنتے ہیں ان کے پیش نظر ایسی اولاد
جنم دینا مقصود ہوتا ہے جو اسلام کے لئے مفید اور دین اسلام کا جھنڈا بلند کرے اور اللہ اور
ل کی خوشنودی کا باعث بنے۔ اسلئے وہ باوضو ہوتے ہیں۔ بوقت ہم بستری

**خلوت پر** یعنی بیوی کے پاس جاتے ہوئے اللہ پاک سے یوں دعا فرماتے ہیں:

بِسْمِ اللّٰهِ اَللّٰهُمَّ جَنِّبْنَا الشَّيْطٰنَ وَجَنِّبِ الشَّيْطٰنَ مَا رَزَقْتَنَا۔

"اللہ کے نام سے الٰہی! ہمیں شیطان سے محفوظ رکھ اور جو تو نے ہمارے نصیب
میں لکھا ہے (یعنی اولاد) اس سے شیطان کو دفع رکھ۔"

## بچے کی ولادت پر

آیت الکرسی اور ذیل کی دو آیات تلاوت کی جائیں اور معوذتین (سورہ فلق اور
الناس) سے ان کو دم کیا جائے۔

اِنَّ رَبَّكُمُ اللّٰهُ الَّذِیْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ فِیْ سِتَّةِ اَيَّامٍ ثُمَّ اسْتَوٰی عَلَی الْعَرْشِ يُغْشِی الَّيْلَ النَّهَارَ يَطْلُبُهٗ حَثِيْثًا وَّالشَّمْسَ وَالْقَمَرَ وَالنُّجُوْمَ مُسَخَّرٰتٍۭ بِاَمْرِهٖ ؕ اَلَا لَهُ الْخَلْقُ وَالْاَمْرُ ؕ تَبٰرَكَ اللّٰهُ رَبُّ الْعٰلَمِيْنَ ۝ اُدْعُوْا رَبَّكُمْ تَضَرُّعًا وَّخُفْيَةً ؕ اِنَّهٗ لَا يُحِبُّ الْمُعْتَدِيْنَ ۝ (الاعراف ۵۴-۵۵)

"درحقیقت تمہارا رب اللہ ہی ہے جس نے آسمانوں اور زمین کو چھ دن میں پیدا کیا پھر اپنے تختِ سلطنت پر متمکن ہوا، جو رات کو دن پر ڈھانک دیتا ہے اور پھر دن رات کے پیچھے دوڑا چلا آتا ہے، جس نے سورج اور چاند تارے پیدا کیے۔ سب اس کے فرمان کے تابع ہیں۔ خبردار ہو اسی کی خلق ہے اور اسی کا امر ہے بڑا بابرکت ہے اللہ، سارے جہانوں کا مالک و پروردگار۔ اپنے رب کو پکارو گڑگڑاتے ہوئے اور چپکے چپکے، یقیناً وہ حد سے گزرنے والوں کو پسند نہیں کرتا۔"

## صدیوں سے مسلمان اولاد پیدا کرنے کے مقصد اور فرائض سے غافل اور یہی مسلمانوں کے زوال کے اسباب

### مسلمان جنسی شہوت کا صدیوں سے شکار

اوپر بیان کیا گیا کہ مسلمان کا انداز قوت باہ اور شہوت سے استفادہ کا کیا ہونا چاہئیے اسکو اولاد پیدا کرنے کے لئے کس انداز سے استعمال کرنا چاہئیے۔ قوت باہ اور شہوت کی قدرت کی عطا کردہ بے پناہ لذت کو جنسی بھوک حرص ہوس بنا کر حیوانی انداز سے مشرک اور کافر استعمال کریں اور جنسی خواہشات کو سب کچھ سمجھ کر گم ہوجائیں تو بڑی حد تک یہ بات قابلِ اعتراض نہیں چونکہ آقائے دوجہاں صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا " دنیا ایمان دار یعنی مسلمان کے لئے قید خانہ ہے اور کافر کی بہشت ہے (مسلم)

اس کا صاف مطلب ہے کہ مسلمان پر ہمیشہ دنیا میں خوف الٰہی طاری رہتا ہے جسکی وجہ سے وہ بے راہ روی اختیار نہیں کرسکتا اور احکام الٰہی کے قید و بند میں رہتا ہے۔ چونکہ اس کے پیش نظر آخرت کی جنت رہتی ہے۔ برخلاف اسکے کافر بے ہنگام خلاف احکام اللہ پاک عیش و عشرت میں مبتلا رہ کر دنیا کو جنت سمجھ لیتا ہے۔ چونکہ آخرت میں جنت سے اسے واسطہ ہے نہ تعلق۔ کس قدر یہ امر افسوس ناک ہے کہ مسلمانوں نے احکام الٰہی کو نظر انداز اور فراموش کرکے صدیوں سے جذبہ شہوت کو عیش پرستی کا ذریعہ بنا دیا۔ اور اپنی اولاد اور نسل کو برباد کرکے زوال تباہی اور بربادی کے عمیق غاروں میں جا پڑے۔ علامہ اقبالؒ مسلمانوں کے زوال کی مدت آج سے پچاس سال قبل تین سو سال بتلاتے ہوئے اللہ پاک سے دعا فرماتے ہیں کہ

تین سو سال سے ہیں ہند کے میخانے بند ؎ اب مناسب ہے ترا فیض ہو عام اے ساقی!

ہمارے ناقص خیال میں علامہ کی یہ زوال کی تین سو سال کی بتلائی، مدت تین سو سال سے بھی زیادہ ہے۔ دوسرا اللہ پاک سے فیض عطا ہونے دعا کرنے سے کوئی فائدہ نہیں جیسا کہ قرآن تیرھویں پارہ تیرھویں سورت الرعد دآیت - ۱۱ میں ارشاد باری ہو رہا ہے)

اِنَّ اللّٰہَ لَا یُغَیِّرُ مَا بِقَوْمٍ حَتّٰی یُغَیِّرُوْا مَا بِاَنْفُسِہِمْ ؕ

ترجمہ: درحقیقت اللہ پاک کسی قوم کو اچھی حالت میں نہیں لاتا جب تک وہ خود اپنی حالت نہ بدلیں یعنی جب تک وہ اپنی نظرت و خو میں تبدیلی لانے ارادہ نہیں کرتے - پھر سورہ النجم پارہ ۲۷ میں فرماتے ہیں۔

وَ اَنْ لَّیْسَ لِلْاِنْسَانِ اِلَّا مَا سَعٰی ۙ وَ اَنَّ سَعْیَہٗ سَوْفَ یُرٰی ۠

ترجمہ: اور یہ کہ آدمی نہ پائیگا مگر جو کچھ اس نے کوشش کی ۵ اور یہ کہ اس کی کوشش عنقریب دیکھی جائے گی۔

ثُمَّ یُجْزٰىہُ الْجَزَآءَ الْاَوْفٰی ۙ ۵ پھر اس کا بھرپور بدلہ دیا جائے گا۔

... ہو چکا ہو چکا اب بھی قوم کے لئے اچھی حالت میں آنے فطرت و خو میں تبدیلی لاکے ... کر کے بام رفعت پر پہنچنا ممکن ہے۔ ہم اب مسلمانوں نے صدیوں سے کس طرح ... اور نسل کو تباہ کیا۔ مختصراً بیان کیا جاتا ہے کہ مسلمانوں نے حیوانی انداز سے لذات شہوت ... بے ہنگام انداز سے اپنے آپ کو غرق کر کے اور عورت کو لذات کا ایک آلہ کار بنا کر اپنی نسل اور اولاد حسنہ پیدا کرنے سے محروم اور انسانی اور اسلامی کردار سے محروم ہو گئے۔

## تاریخ کے آئینہ میں۔ شہوت اور عورت کا اسلامی انداز - اور شہوت اور عورت کا بہیمی انداز

... پہلی صدی کے آخری دہے کا واقعہ ہے کہ سراندیپ کا راجہ مسلمان ہو چکا تھا - بربنائے ... اس نے بنی امیہ کے خلیفہ کو بہت سے قیمتی اشیاء و تحایف متعدد غلام اور کنیز روانہ کئے ... میں وہ مسلمان عورتیں بھی تھیں جو حج کے ارادے سے جا رہی تھیں۔ سندھ کے بحری ... نے ان کو لوٹ لیا چند بمشکل بچ کر گورنر حجاج کے پاس فریاد کی - گورنر حجاج نے سندھ کے راجہ ... کہ مال اور مسلمان عورتوں کو جو تمہارے علاقہ کے ہیں بحری ڈاکوؤں سے حاصل کر کے واپس کیا ... راجہ داہر سندھ کے راجہ کے انکار پر حجاج نے ۹۲ھ میں محمد بن قاسم کو سندھ پر حملہ ... مسلمان عورتوں اور مال اسباب حاصل کرنے روانہ کیا۔ سترہ سالہ محمد بن قاسم نے

تدبیر اور بہادری کے مظاہرے دکھلائے، راجہ داہر مارا گیا، محمد بن قاسم اب فاتح تھا۔

## عورت اور شہوات کے استعمال کا اسلامی طریقہ و انداز

راجہ داہر کی ایک رانی لادی مال غنیمت میں بحیثیت باندی محمد بن قاسم کے پاس پیش کی گئی۔ بلند حوصلہ بلند کردار محمد بن قاسم نے اسکے سامنے اسلام پیش کیا۔ رانی لادی محمد بن قاسم کے اسلامی کردار کی بلندیوں کو دیکھکر اسلام کی عظمت کی قائل ہو گئی تھی۔ اس نے اسلام قبول کر لیا۔ بلند کردار و اعلیٰ ظرف محمد بن قاسم نے اس باندی کو آزاد کر دیا اور اس کی خوشی اور رضامندی سے اس سے نکاح کر کے بیوی کے مقام اعلیٰ پر اسے فائز کر دیا ــــ یہہ اسلامی کردار کی بلندیاں اور اسلامی انداز اور اسلامی شان تھی اور عورت اور شہوت کے حسن انداز سے استعمال کرنے کا بے نظیر انداز ــــ اس صورت میں جو اولاد پیدا ہوتی ہے وہ صالح صاحب کردار، بہادر اور اسلامی شان کو اجاگر کرنے والی ہوتی ہے۔

## شہوت اور عورت کے استعمال کا جہنمی انداز

راجہ داہر کی دو خوبصورت کنواری حسین بیٹیوں کو محمد بن قاسم نے گورنر حجاج کے پاس روانہ کیا۔ حجاج نے ان کو معہ مال غنیمت خلیفہ ولید کے پاس روانہ کیا جو حرم سرا میں داخل کی گئیں۔ خلیفہ کے سر پر ایک رات شہوت کا بھوت سوار ہوا۔ دونوں کو بلوایا۔ دونوں کے حسن سے متاثر ہوا بڑی بہن کو اس رات شہوت کی آگ بجھانے رہ جانے کہا اور اس سے دل بھر جانے کے بعد چھوٹی بہن کو بلوا لینے کا ارشاد ہوا۔ یہہ حیوانی و شیطانی انداز تھا کہ دونوں بہنوں کو یہہ بھوت جس کے سر پر شہوت کا بھوت سوار تھا نگلتے جا رہا تھا۔ مسلمان کی شان علامہ اقبال یہہ بتاتے ہیں۔

> تو رہ نورد شوق ہے؟ منزل نہ کر قبول! ؛ لیلیٰ بھی ہم نشین ہو تو محمل نہ کر قبول!

عورت بھی آخر عورت ہوتی ہے اسکے بارے میں علامہ اقبال فرماتے ہیں۔

> کھلتے جاتے ہیں اسی آگ سے اسرار حیات ؛ گرم اسی آگ سے ہے معرکۂ بود و نبود

اب ان لڑکیوں نے ایک ترکیب کی اور واویلا مچایا کہ اے خلیفہ ہم تیرے کام کے قابل نہیں رہے محمد بن قاسم نے ہماری عصمت لوٹ کر باقی ہی کیا رکھا ہے۔ کیا تمہارا یہی طریقہ ہے کہ تو کر استفادہ کرنے کے بعد بادشاہوں کے پاس روانہ کیا جاتا ہے۔ ولید نشہ اقتدار و شہوت کے غلبہ کی وجہہ سے

ے ہاتھ دھو بیٹھا تھا۔ حکم روانہ کیا کہ محمدؒ بن قاسم کو گائے کے چمڑے میں سی کر صندوق میں بند
ہمارے سامنے پیش کیا جائے۔ جب وہ جلیل القدر فاتح سپہ سالار جس نے اپنے فتوحات کا ڈنکا
تھا اس حالت میں پیش کیا گیا تو وہ مردہ حالت میں پہنچا۔ ولید نے دونوں لڑکیوں کو بلوا کر
۔ دیکھو ہمارا حکم کس طرح چلتا ہے اور ہم خطا کاروں کو کس انداز کی سزا دیتے ہیں۔
لڑکیاں اولاً تو خوش ہوگئیں اور کہا ہاں یہی وہ شخص ہے جس نے ہمارے باپ کو مارا اور ہمارا
فتح کیا۔ کامیابی کے ڈنکے بجادے اور آخر ہم نے انتقام لے لیا۔ پھر ان لڑکیوں نے ولید
"اے خلیفہ تجھ پر انصاف اور واقعات کی تحقیقات فرض تھی۔ ہم دشمنوں کی بات سنکر
یک بہترین سپہ سالار اور صاحب کردار کی جان لے لی جو خود تیرے لئے مفید تھا۔ اے خلیفہ
ے کہ محمدؒ بن قاسم ایک صاحب کردار انسان تھا اس نے ہم پر تو کیا کسی ہماری عورت پر
نظر غلط بھی نہیں ڈالی۔ وہ ہمارے لئے مثل ایک بھائی کے رہا ہے۔ ولید خلیفہ کہتے
یہ سنکر بے ہوش ہوگیا ایک گھنٹے بعد ہوش آیا تو حکم دیا کہ ان دونوں لڑکیوں کو گھوڑوں
سے باندھ کر شہر میں تشہیر کر کے دریا دجلہ میں پھینک دیا جائے۔ بعض مورخین لکھتے
رہ دیوار میں چنوا دیا۔ یہ اقتدار شہوت اور عورت کے استعمال کا جہنمی انداز تھا جو مسلمان
ں نے اختیار کر کے جہنم خریدی اور مسلمان قوم کو مائل بہ زوال اور رسوا کیا۔ دوسری جانب اہل ہند
بن قاسم کے واقعہ کی اطلاع ہوئی تو اسکی محبت اور بلند کردار کی بنا پر کیراج میں اسکا بت بنا کر
ے لگے۔

نوجوان محمد بن قاسم کے سے اوصاف رکھنے والے نوجوانوں کے بارے میں حضرت اقبال فرماتے ہیں۔

عقابی روح جب بیدار ہوتی ہے جوانوں میں ؎ نظر آتی ہے اسکو اپنی منزل آسمانوں میں

ولید جیسے شہوت کے غلام صرف ایسی اولاد پیدا کر سکتے ہیں جو حیوانی اوصاف کی حامل ہوتی
ر قوم کی تباہی کی حامل اور دوسری اقوام سر پر سوار ہو کر ان کو محکوم بنا لیتی ہیں اسلئے اس راز
رت اقبال واقف ز لاتے ہیں۔

عقل بے مایہ امامت کی سزاوار نہیں ؎ راہبر ہو ظن و تخمین تو زبوں کار حیات

ندا آئی کہ آشوب قیامت سے یہ کیا کم ہے ؎ گرفتہ چینیاں احرام و مکی خفتہ در بطحا

ہم آگے اور تاریخ کے اوراق پیش کر کے وضاحت کرینگے کہ ماں باپ کسطرح غلط انداز کی اولاد
ان کے حقوق سے غافل رہ کر مسلمانوں کی تباہی کا موجب بنے اور اولاد کے حقوق ادا کرنے سے محروم رہے۔

## مسلمان والدین کے مادی ایمانی اعتقادی روحانی اعتبار سے فرائض

مسلمان والدین کا فرض ہے کہ وہ مادی اعتقادی اور روحانی مقامات کو ملحوظ اولاد جنم دینے کے لئے اپنا فرض عین سمجھیں۔

(۱) مادی اعتبار سے صحت مندرہ کر صحیح النسب صحت مند اولاد کا پیدا کرنا والدین کا فرض عین ہے۔

(۲) روحانی اعتقادی اعتبار سے مسلمان والدین کا فرض ہے کہ وہ خود روحانی حیثیت۔ صحت مند رہیں یعنی صحیح اعتقاد اور با ایمان رہ کر میاں بیوی بغرض حصول اولاد ہم بستر ہو روحانی و اعتقادی اور ایمانی حیثیت سے صحت مند اولاد جنم دے سکیں جس طرح مادی یعنی امراض نسلاً درنسلاً اولاد میں منتقل ہوتے ہیں اسی طرح روحانی اعتقادی اور ایمانی امراض بھی اول سرایت کرجاتے ہیں۔ بعد جنم دینے کے ذریعہ تعلیم و تربیت بھی اولاد کو پروان چڑھانا والد کا فرض ہے۔ پھر والدین کا فرض اولین اولاد کو شرک سے بچانا ہے۔ اولاً ہم والدین فرض صحیح النسب اولاد کے جنم دینے سے تعلق سے بحث کریں گے کہ صحیح النسب اولاد کو جنم دینا اور اپنے نطفہ کی حفاظت کرنا کس قدر ضروری ہے۔ مسلمانوں نے کس طرح اپنا نطفہ عورتوں کے حوالے کر دیا اور اس کا انجام کیا ہوا۔ علامہ فرماتے ہیں۔

شرارے وادیٔ ایمن کے تو بوتا تو ہے لیکن　　نہیں ممکن کہ پھوٹے اس زمین سے تخم سینائی

دل آگاہ جب خوابیدہ ہو جاتے ہیں سینوں میں　　نوا گر کے لئے زہر آب ہوتی ہے شکر خائی

## صدیوں سے شاہوں امرأ نے غیر مجہول اولاد پیدا کر کے قوم کو مائل بہ زوال کر دیا

اب ہم ہندوستان کی تاریخ کا ۹۶۳ھ م ۱۵۵۶ء کے دور سے مسلمانوں کے جنم دینے کا احاطہ کرتے ہیں۔ شہنشاہ اکبر جس کا دور ۱۵۵۶ء سے آغاز ہوتا ہے پر ایک طائرانہ نظر ڈالتے ہیں کہ کس طرح یہ کافر نئے مذہب کے بانی نے مسلمان قوم کی بنیادوں کو ہلا اس کافر اکبر اعظم نے راجہ بہاری مل والی جے پور کی بیٹی سے شادی کی۔ راجہ بہاری مل دوسرے راجپوت راجاؤں نے سخت ملامت اور ندامت کی لیکن بعد میں راجہ جے پور کی تقلید میں اکثر راجپوت راجاؤں نے اپنی بیٹی اکبر کو دیدیں۔ راجپوت رانی جودھابائی سے جہانگیر

ربیع الاول ۹۷۷ھ کو پیدا ہوا۔ جہانگیر پندرہ سال کا تھا اسکی شادی راجہ بھگوان
کی لڑکی سے رچائی گئی۔ جہانگیر کی دوسری شادی سنہ ۹۹۴ھ م ۱۵۸۶ء میں راجہ ادوسے
سنگھ کی بیٹی سے کی گئی جہانگیر کا سب سے بڑا لڑکا خسرو راجہ بھگوان داس کی راجپوت لڑکی سے
ہوا۔ تیسرا لڑکا (خرم) شاہجہاں راجہ ادوسے سنگھ راجپوت لڑکی سے ۱۵۱۲ء میں
ہوا جو جہانگیر کے بعد دلی کے تخت پر بیٹھا۔ ڈاکٹر بنارسی پرشاد سکسینہ نے تاریخ شاہجہاں
ہے جس پر حرف آغاز لکھتے ہوئے ولزے ہیگ نے لکھا ہے "شاہجہاں با اعتبار خون
سے زیادہ ہندو تھا" چونکہ دادی جودھا بائی اور ماں راجپوت شہزادی مان لیتی یا جگت
میں تھی۔ علامہ اقبالؒ فرماتے ہیں۔

مذہب سے ہم آہنگی افراد ہے باقی ٭ دیں زخمہ ہے جمعیت ملت ہے اگر ساز
بنیاد لرز جائے جو دیوار چمن کی ٭ ظاہر ہے کہ انجام گلستاں کا ہے آغاز

از روئے شریعت محمدی جہانگیر اور شاہجہاں ولدالحرام و ولدالزنا تھے۔ شاہجہاں نے
محل سے نکاح کیا تھا جس سے اورنگ زیب پیدا ہوا جو صحیح النسب تھا لیکن ایک
اور مجہول النسل باپ کا بیٹا اور پوترا تھا۔ حدیث شریف کی رو سے بیٹا ماں باپ کا
ظ اوصاف) نچوڑ ہوتا ہے۔ اکل حلال سے محرومی شراب اور اقتدار کا نشہ غیر صحیح النسبی
ہے بلکہ حرامی اولاد ماں باپ پیدا کریں تو تاریخ دیکھئے۔ جہانگیر کی اپنے باپ اکبر کے
ن شاہجہاں کی اپنے باپ جہانگیر کے خلاف بغاوتیں اور اورنگ زیب کا اپنے باپ
جہاں کو قید کرنا۔ تاریخ بتاتی ہے کہ ملک میں جو انتشار پیدا ہوا جس قدر جانی
نقصانات ذہنی انتشار کا سامنا کرنا پڑا اس۔ کے لئے تواریخ کا مطالعہ دل ہلا دیتا
۔ یہ حرامی النسل اولاد پیدا کرنے کا سلسلہ یہیں ختم نہیں ہوجاتا بلکہ اورنگ زیب
بیٹے محمد معظم نے راجہ روپ سنگھ کی بیٹی سے شادی کی۔ (دیکھو دربار آصف صفحہ ۱۵۰)
ـ زیب کے چھوٹے بیٹے کام بخش کا بیٹا محمد محی الدین نے اورنگ زیب کی زندگی میں زانی
ر پوری سے شادی کی۔ (دربار آصف صفحہ ۴۷۵)

کس قدر افسوس کی بات ہے کہ مسلمانوں نے حرامی و مجہول النسل کو اپنا بادشاہ
بنالیا، علماء تماشا دیکھتے رہے۔ صرف حضرت شیخ احمد فاروقی نقشبندی سرہندی الف ثانی
اللہ والا مجاہد تھا جیسا کہ علامہ اقبال کہتے ہیں۔

گردن نہ جھکی جس کی جہانگیر کے آگے ؛ جس کے نفس گرم سے ہے گرمی احرار
وہ ہند میں سرمایہ ملت کا نگہبان ؛ اللہ نے بر وقت کیا جسکو خبردار

مزید تفصیل کو باعث طوالت سمجھتے ہوئے عرض ہے کہ ہندوستان کا آخری تاجدار شاہ بہادر شاہ ظفر لال بائی کے بطن سے ۱۱۸۹ھ مطابق ۱۷۷۵ء کو پیدا ہوا۔ شاہان وقت کی پیروی میں امراء نے بھی راجپوتوں اور ہندوؤں سے شادیاں بہ الفاظ دیگر یہ کہنا چاہیئے کہ حرامی مجہول النسل اور ناجائز اولادیں پیدا کیں۔ غور طلب امر یہ ہے کہ جو سلسلہ ۱۷۷۵ء سے ۱۷۷۵ء تک ناجائز اولاد کو جنم دینے کا مسلمانوں کی اکثریت نے روا رکھا اس سے ان گنت حرامی اولاد کا بد نصیب والدین نے اس طویل عرصہ میں اضافہ کیا ــــــ اولاد حرامی اور مجہول النسل پیدا کریں تو ایسی اولاد یقیناً ہر اچھائی اور خوبی سے محروم قوم کی تباہی کا سبب بن جاتی ہے حرامی اولاد پیدا کرنے والے والدین نے بوقت حرام مذہب اور قرآن کے احکام کو بھی نہ صرف بالائے طاق رکھ دیا بلکہ قرآن جو نفس کی غلامی طریقہ اختیار کرنے سے منع کرتا ہے اسکو اپنے ذہن میں ناقص سمجھ لیا۔ علامہ اقبال اسلئے فرمایا

ہند میں حکمت دیں کوئی کہاں سے سیکھے ؛ نہ کہیں لذت کردار نہ افکار عمیق
حلقۂ شوق میں وہ جرأت اندیشہ کہاں ؛ آہ! محکومی و تقلید و زوال تحقیق
ان غلاموں کا یہ مسلک ہے کہ ناقص ہے کتاب ؛ کہ سکھاتی نہیں مومن کو غلامی کے طریق!

نتیجہ یہہ نکلا کہ انگریزوں کی غلامی مسلمانوں کا مقدر بن گئی جبکہ مسلمانوں نے قرآن سے منہ ناقص اولاد پیدا کی اور اولاد کے حقوق سمجھے ہی نہیں۔ پھر مغل محلات میں خواجہ سرا کو رکھکر مغلوں نے علیٰحدہ قہر خداوندی کو دعوت دی۔

## مغلیہ سلطنت کے خاتمہ کے بعد دور ۱۹۴۷ء تک اور والدین کا کردار

حکومت مغلیہ کے زوال کے بعد ہندوستان انگریزوں کے پنجہ آہنی میں طور پر آچکا تھا۔ انگریزوں کا اقتدار اعلیٰ تھا۔ انگریزوں نے (پانچسو) (۵۰۰) ریاستوں کو نیم خودمختاری دے رکھی تھی ان ریاستوں میں سب سے بڑی اسلامی ریاست نظام کی ریاست تھی جسکو دور مغلیہ کے کمزور ہوتے دیکھکر ۱۷۱۳ء میں بڑی دانشمندی سے کام لیکر نظام الملک آصف جاہ اول نے یہہ سلطنت قائم کی جس کا خاتمہ ۱۹۴۷ء میں پولیس ایکشن کے ذریعہ

سنہ ۱۷۱۲ء تا ۱۹۴۷ء کا تقریباً ڈھائی سو سالہ دور بھی افسوس ہے کہ مسلمان والدین نے علیش وعشرت کا شکار ہوکر ناقص اولاد پیدا کرنے میں گزار دیا۔

## والدین کی شہوت اور ناجائز اولاد

والدین کا سب سے بڑا گناہ یہ ہے کہ والدین شہوت کا شکار ہوکر اپنے نطفہ کی حفاظت نہ کریں یا تو اسکو ضائع کردیں یا غیر صحیح اولاد پیدا کریں۔ شاہوں کا یہ حال تھا کہ ان گنت عورتیں ان کے حرم سراؤں میں داخل تھیں چند سے تو وہ ذریعہ زنا ناجائز اولاد پیدا کرتے ان میں ایسی عورتیں بھی تھیں جو شاہوں کے ذہن میں بھی نہ رہی تھیں۔ یا ان کے پاس جانا بہ حیثیت انسان ان کے طاقت کے باہر تھا۔ افسوس صد افسوس کہ ایسے عورتیں جو خواص کہلاتی تھیں چوکیداروں سے مستفید ہوتیں اور بچے جنم دیتیں وہ شاہی خاندان کے بچے متصور کئے جاتے۔

شاہوں کے علاوہ امراء بھی شاہوں کے قدم بہ قدم تھے اسی طرح بدکاریوں کے ذریعہ اولاد جنم دی جاتی تھی خواصوں کی ایک نوج تھی منصبدار تک خواص رکھتے تھے۔ مفت خوری، حرام کاری اور ناجائز اولاد کو جنم دینا انہوں نے اپنا شیوہ بنا لیا تھا۔ اوسط طبقہ میں بھی جہاں خوشحالی تھی خواص رکھکر علاوہ بیوی کے حرام کی اولاد جنم دی جارہی تھی ـــــ ایسے بھی گھرانے تھے کہ صاحبزادے پندرہ سولہ سال کے ہوئے۔ صاحبزادے کے حجرے میں باندی یا دلبا نے ماں باپ روانہ کرتے۔ ابتدائی نطفہ تو حرام کی اولاد پیدا کرنے کے نذر ہو جاتا۔ اس کے بعد شادی کی جاتی تو حلال کی اولاد اور حرام کی اولاد کا فرق پیدا ہو جاتا۔ حرام کی اولاد ترکہ و ورثہ سے محروم رہتی۔ ـــــ جوانی دیوانی کے مصداق بن کر امیروں کی دولت طوائفین کے کوٹھوں کی نذر ہوجاتی اور ان کا جوانی کا نطفہ طوائفین کے نذر ہو جاتا۔ امراء سے گرا ہوا طبقہ طوائف کی جو تاب نہ آسکتا تھا حسب حیثیت رنڈیوں سے مستفید ہوکر اپنا نطفہ بیش بہا ضائع کرتا ـــــ اکثر ہندو عورتیں بھی مسلمانوں کے زیر استعمال آتیں یعنی ـــــ یونہی کوئی مل گیا تھا سر راہ چلتے چلتے ـــــ قہر خدا کا کہ مسلمانوں نے اپنا نطفہ غیر قوم کی عورتوں کے حوالے کردیا ـــــ ان عورتوں نے جو اولاد جنم دی اسکو ماؤں نے اپنے مذہب پر چلایا۔ ایسے مسلمانوں میں سیّدوں کی بھی کافی تعداد ہے جنہوں نے ہندو عورتوں سے ناجائز تعلق رکھے اور ان کی اولاد ہندو ہوکر آج مسلمانوں سے برسر پیکار ہے۔ آج کل یہ بدمستیاں تیل کی دولت

کی وجہ سے عربوں کے حصہ میں آئی ہیں ۔ عرب تو بیرس کی چکروں میں ہیں ۔

## اغلام بازی

مسلمانوں نے مندرجہ باتوں پر ہی اکتفا نہیں کیا بلکہ شرم ہیجڑوں سے اغلام بازی کرکے اپنا نطفہ جو در اصل اولا ہے زائل اور ضائع کر دیا۔

مختصر یہ کہ مسلمانوں کا قیمتی بیش بہا نطفہ برباد اور ضائع ہوتا رہا اور اس قسم کے والدین بے حیا، بے شرم، بے غیرت شجاعت سے محروم عیش پرست اولاد کو جنم دے رہے پھر نام مسلمانوں کے بقول علامہ فاضل

ظاہر اچھا نہیں پاکیزہ نہیں ہے باطن ؎ نہ حمیت نہ صداقت ہے نہ مذہب ہے لیکن
کہنے کو ہم ہیں مسلمان رسولِ عربیؐ

ہر طرف سے ہوئی پھٹکار تو گھبرائے ہوئے ؎ دل بہت اب ہے پریشان رسولِ عربیؐ

علامہ اقبالؔ مسلمانوں کی بے ہنگام زندگی اور اس پر احساس نقصان اور زیاں کا دل سے ہٹ جانے کے بارے میں فرماتے ہیں۔

وائے ناکامی! متاعِ کارواں جاتا رہا ؎ کارواں کے دل سے احساسِ زیاں جاتا رہا
ہر کوئی مست مئے ذوقِ تن آسانی ہے ؎ تم مسلماں ہو؟ یہ اندازِ مسلمانی ہے
حیدری فقر ہے نے دولتِ عثمانی ہے ؎ تم کو اسلاف سے کیا نسبت روحانی ہے
شجر نظرت مسلم تھا حیا سے نم ناک ؎ تھا شجاعت میں وہ اک ہستی فوق الادراک

بہر حال ناجائز اولاد مسلمانوں نے پیدا کرنی شروع کی تو نہ ان میں اور ان کی اولاد میں رہی نہ شرم ۔ صداقت جاتی رہی شجاعت کا پتہ نہ رہا۔ صحابہؓ اور اکابر کی زندگی سے ہی نہ رہا۔ غلامی کا طوق گلے میں حمائل ہو گیا۔ احساس اپنے لٹ جانے کا جاتا رہا ۔

جیسا کہ ہم بیان کر چکے ہیں اور اولاد کس انداز سے خوف خدا کے ساتھ نام اللہ اور رسول کو روشن کرنے کے لئے پیدا کیجانی چاہیے ـــــ شہوت اور ہوس کی تکمیل کے نتیجہ میں والدین اولاد پیدا کرتے ہیں وہ قوم کی رسوائی اور ذلت کا سبب۔ غنی اور خودی سے یکسر محروم فقر و غنا اور کر سے ناآشنا ہوتی ہے جیسا کہ علامہ سمجھاتے ہیں۔

خودی کی جلوتوں میں مصطفائی ؎ خودی کی خلوتوں میں کبریائی

جہاں صدیوں سے عورتوں کو مسلمانوں کی اکثریت نے شہوت کا آلہ کار بنا رکھا وہیں بعض بدذ

عورتیں بھی مردوں اور اولاد کی تباہی کا موجب بن گئیں۔ اس طرح ماں باپ کے روپ میں اولاد کے حقوق سے غافل رہ کر قوم کو ناقابلِ قیاس حد تک جذبہ شہوت اور بوالہوسی کے تحت نقصان پہنچایا گیا۔

## اولاد کے ساتھ انصاف

انصاف ایک صفت ہے جو اللہ پاک کو بیحد پسند اور اسی پر امن اور اچھائی کا دارومدار ہے۔ والدین کی اہم ذمہ داری اولاد کے ساتھ انصاف کے ساتھ پیش آنا ہے اللہ پاک فرماتے ہیں۔

وَاِنْ حَكَمْتَ فَاحْكُمْ بَيْنَهُمْ بِالْقِسْطِ ۚ اِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ الْمُقْسِطِيْنَ ۝ سورہ مائدہ پارہ (۶) آیت (۴۲)

ترجمہ: اگر ان میں فیصلہ کرو تو فیصلہ کرو انصاف کے ساتھ۔ بے شک انصاف کرنے والے کو اللہ دوست رکھتا ہے۔

وَاِذَا حَكَمْتُمْ بَيْنَ النَّاسِ اَنْ تَحْكُمُوْا بِالْعَدْلِ (پارہ ۵ سورہ نسا آیت ۵۸)

ترجمہ: اور یہ کہ جب تم لوگوں میں فیصلہ کرو تو انصاف کے ساتھ فیصلہ کرو۔

اِعْدِلُوْا هُوَ اَقْرَبُ لِلتَّقْوٰى (پارہ چھ۔ سورہ المائدہ۔ آیت۔ ۸)

ترجمہ: انصاف کرو وہ پرہیزگاری سے زیادہ قریب ہے

وَاِذَا قُلْتُمْ فَاعْدِلُوْا وَلَوْ كَانَ ذَا قُرْبٰى (پارہ ۸ سورہ الانعام آیت ۱۵۳)

ترجمہ: اور جب تم بات کیا کرو تو انصاف رکھا کرو گو وہ شخص قرابت دار ہی ہو۔

ارشاد باری تعالیٰ آپ نے سن لئے۔ اب ارشادات رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم سنیئے۔

(۱) فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بروز قیامت انصاف کرنے والے اللہ کے نزدیک نور کے منبروں پر رہیں گے۔ (۲) پھر ایک اور ارشاد گرامی ہے۔ جس بندے کو اللہ نے رعیت کا حاکم بنایا پھر اس نے رعیت کی خیرخواہی سے حفاظت نہ کی وہ جنت کی خوشبو نہ پائیگا۔

(۳) ایک صحابیؓ نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے عرض کیا "یارسول اللہ آج میں نے ایک غلام اپنے ایک بیٹے کو دیا ہے ارشاد ہوا تم نے ہر بیٹے کو ایک غلام دیا ہے۔ عرض کیا "نہیں" حکم ہوا اس بیٹے سے غلام واپس لے لو۔

## اولادیں ہوشیار ہوجائیں

جو والدین ایک اولاد کو زیادہ چاہتے ہیں نہ کھانے

میں نہ لباس میں انصاف کرتے ہیں۔ دسترخوان پر سب اولاد بیٹھی ہے۔ بڑی اولاد کو زیادہ سالن اور گوشت کی بوٹیاں اور چھوٹی اولاد کو برائے نام سالن اور ایک آدھ بوٹی ۔ کسی کا لباس شاندار کسی کا معمولی نوکروں کا سا۔ ایک کو تقاضائے محبت میں دل بہلائی کے سامان دوسری اولاد محروم ۔ یہاں تک دیکھا گیا کہ ایک نابالغ اولاد کو سرکاری دواخانہ کی دوا پر یہ کہتے ہوئے رکھا گیا کہ زندگی ہے تو بچے گا اور دوسری بالغ اولاد بیمار ہو تو خانگی ڈاکٹر اور قیمتی ادویات نابالغ اولاد کی بیماری کو نظر انداز کرکے دوسری اولاد کے غیر شرعی رسم ورواج جلّہ چھٹی پر بے دریغ روپیہ کا ضائع کرنا۔ ایسے والدین کے لئے روشنی کے ممبر ہونگے یا تاریکی کی تاریکی بروز قیامت معلوم ہوگا۔

## باغی اولاد

یہ بھی دیکھا جارہا ہے کہ ذمہ داریوں کی تکمیل اور تعلیم سے آراستہ کرنے کے بعد جو بدنصیب اولاد کسی کی سیکھا رٹ اور فطرت کی گراوٹ کے تحت باغی ہوکر گھر سے نکل جارہی اور بالغ اور تعلیم یافتہ بن کر بغاوت پر کمربستہ ہورہی ہے۔ ایسی اولاد کے ساتھ انصاف کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا ان پر حضرت نوح علیہ السلام کے بیٹے کنعان کا اطلاق ہوگا اور ایسی اولاد اللہ اور رسولؐ کے احکام کے تحت جہنم کا ایندھن ہے دیکھو والدین کے حقوق ۔ جب تعلیم وتربیت اثر نہ کرے تو علامہ اقبال فرماتے ہیں۔

نہ ہو طبیعت ہی جن کی قابل وہ تربیت سے نہیں سنورتے ؎ ہوا نہ سرسبز رہ کے پانی میں عکس سرو کنار جو کا

## مظلوم اولاد والدین کے ناانصافیوں کا کسطرح جواب دے

والدین دوسری اولاد کو محبت کرکے جس اولاد کے ساتھ ناانصافی کر رہے ہوں تو اس مظلوم اولاد کا یہ فرض ہے کہ وہ صبر کرے ۔ یا تو والدین کو معاف کردیں یا پانی سر سے اونچا ہو رہا ہو تو اللہ پر چھوڑ دے لیکن باوجود اسکے والدین کے حقوق کی ادائی اور خدمت میں کوئی کسر اٹھا نہ رکھے۔ یہی ان کے لئے بہتر ہے ۔ حضرت ابوسعید خدری سے روایت ہے ۔ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جو شخص صبر کرنے کی کوشش کرے گا اللہ اسکو صبر دے گا اور صبر سے زیادہ بہتر اور بہت سی بھلائیوں کو سمیٹنے والی بخشش اور کوئی نہیں ۔ (بخاری ومسلم) اکثر دیکھنے میں آیا ہے کہ ماں باپ نے جس اولاد کو بہت چاہا اور دوسرے اولاد کی حق تلفی کی ۔ وہی اولاد ماں باپ کی زندگی میں ماں باپ کے لئے دردسر بن گئی اور والدین کی خدمت سے محروم رہی اور اللہ نے والدین کو ان اولاد کا دست نگر کرکے اسی اولاد سے والدین کی خدمت کروائی جس اولاد کی والدین نے حق تلفی کی تھی۔

## والدین کا ایک اور فرض

قوم کو بنانے والے والدین ہوتے ہیں۔ لہٰذا وہ خود نمونہ نیک بن کر اولاد کو انصاف عدالت، صداقت و
نا سے اس طرح آشنا کردیں کہ حضرت اقبال کی یہ پیشگوئی عملی جامہ پہن سکے کہ :

سبق پڑھ پھر صداقت کا عدالت کا شجاعت کا ؛ لیا جائے گا تجھ سے کام دنیا کی امامت کا

## اللہ پاک کی ہدایات

اولاد کے ساتھ ناانصافی کرنے والے ناجائز مال سے خود کی اور اولاد کی پرورش کرنے والے اور ناجائز انداز
کرنے والے یا اولاد کی غلط تربیت و تعلیم کرنے والے یعنی اولاد کے حقوق ادا نہ کرنے والے والدین
میں قرآن حکیم میں اللہ پاک فرمار ہے ہیں

إِنَّمَا أَمْوَالُكُمْ وَأَوْلَادُكُمْ فِتْنَةٌ ۚ وَاللَّهُ عِندَهُ أَجْرٌ عَظِيمٌ

(پ ۲۸۔ آیت ۱۵۔ سورہ تغابن)

ترجمہ: تمہارا مال اور تمہاری اولاد تو آزمائش ہے۔ اور خدا کے ہاں بڑا اجر ہے۔
ہم نے شاہوں امراء اور دوسرے مسلمان والدین کے اولاد جنم دینے کے صدیوں کے واقعات
۔ مندرجہ بالا قرآنی آیت کی روشنی میں تجزیہ کیجیے کہ اولاد اور مال ان کے لئے آزمائش
فتنہ نہیں بن گئی؟ اب علماء صوفیوں اور مشائخین کی طرف آئیے : جب سے مسلمان
یہ زوال ہوئی ان علمائے صوفیوں اور مشائخین کا شیوہ دولت پرستی ہو گیا اور اولاد جنم دی تو
کے لئے نہیں بلکہ باپ کے مرنے کے بعد باپ کے مریدوں سے نذرانوں سے وصول کی ہوئی
کرنے کیلئے بقول علامہ اقبال خرقہ سالوس پہن کر ڈاڑھیاں رکھکر مقدمہ بازیاں کر کے عدالتوں
لگانے عدالت میں اللہ کی جھوٹی قسمیں کھانے کے لئے جنم دی۔ ہر عدالت کے محافظ خانہ
ہمارے دعویٰ کا بین ثبوت ہیں۔ آیا ان مشائخین علماء اور صوفیوں کے لئے مال اور اولاد
بن گئی جو اللہ نے بطور آزمائش عطا کی تھی ان حالات میں علامہ اقبال کو کہنا پڑا۔

اے پیر حرم رسم و رہ خانقہی چھوڑ ؛ مقصود سمجھ میری نوائے سحری کا
ملا کی نظر نور فراست سے خالی ؛ بے سوز ہے میخانۂ صوفی کی مئے ناب

## قتل اولاد

آج ایک روشن خیال طبقہ مسلمان والدین میں پیدا ہوا ہے جو اولاد کو دینی نہیں دنیاوی اعتبار سے جنم دیتا ہے ان
ہے "ہم دو ہمارے دو" ایک کے بعد ابھی نہیں دو کے بعد کبھی نہیں ۔۔ دو کے بعد

بچے نہ ہونے کا آپریشن ــ اس طبقہ میں تعلیم یافتہ بھی شامل ہیں ۔ ڈاڑھیاں سنت کی تکمیل میں رکھنے اور نمازوں کا دکھاوا کرنے والے بھی ــ حتیٰ کہ واعظین اور علماء بھی ۔ اللہ پاک فرماتے ہیں ۔ وَ بِالْوَالِدَيْنِ اِحْسَانًا ۚ وَلَا تَقْتُلُوْٓا اَوْلَادَكُمْ مِّنْ اِمْلَاقٍ ۭ نَحْنُ نَرْزُقُكُمْ وَاِيَّاهُمْ ۚ (پارہ ۸ سورہ انعام آیت ۱۵۲)

ترجمہ :۔ اور ماں اور باپ کے ساتھ احسان کیا کرو اور اپنی اولاد کو افلاس کے سبب قتل مت کیا کرو۔ ہم تم کو اور ان کو رزق دینگے ۔ اللہ پاک والدین کے ساتھ اولاد کو احسان کرنے کا حکم دے رہے ہیں اور والدین اولاد کو پیدا ہونے کے قبل ہی قتل کر رہے ہیں جبکہ اللہ پاک رزق دینے کا وعدہ فرما رہے ہیں مگر اللہ کے وعدے پر بھروسہ کس مسلمان کو ہے ؟ اللہ کے لئے جنم دینا کس کو ہے ؟ اولاد کو جنم دینا ہے ٹی وی کیلئے ، ویڈیو کے لئے بے حیا بنانے کے لئے ۔ باایمان بنانے کیلئے نہیں ۔ ان حالات میں علامہ اقبال رحمۃ اللہ علیہ فرمارہے ہیں ۔

حریت افکار کی نعمت ہے خداداد ؛ ہے کس کی یہ جرأت کہ مسلمان کو ٹوکے
چاہے تو کرے اس میں فرنگی صنم آباد ! ؛ چاہے تو کرے کعبہ کو آتش کدۂ پارس
چاہے تو خود اک تازہ شریعت کرے ایجاد ؛ قرآن کو بازیچۂ تاویل بنا کر
اسلام ہے محبوس مسلمان ہے آزاد ! ؛ ہے مملکت ہند میں اک طرفہ تماشا

## جریان اور جریان آب ماں باپ کی اولاد

آپ نے اللہ پاک کے احکام اولاد کو قتل نہ کرنے کے تعلق سے سن لئے ۔ والدین ہونے والی اولاد ہی کو قتل نہیں کر رہے ہیں بلکہ پیدا ہونے کے بعد بھی اولاد کس کس انداز سے علم تربیت وتعلیم اور بے حیائی کے ہتھیاروں سے جسمانی اور روحانی طور پر قتل کی جارہی ہے وہ بھی سننے کے قابل ہے ۔ تربیت وتعلیم کے چار اقسام ہیں (۱) جسمانی تربیت وتعلیم (۲) دینی تربیت وتعلیم (۳) قلبی تربیت وتعلیم (۴) روحانی تربیت وتعلیم ــ اس کتاب میں اتنی گنجائش نہیں کہ ان چاروں تعلیم وتربیت کے اقسام پر بحث کی جائے ۔ اللہ پاک فرماتے ہیں :۔

وَلَا تَقْرَبُوا الْفَوَاحِشَ مَا ظَهَرَ مِنْهَا وَمَا بَطَنَ ۚ

(پارہ ۸ سورہ انعام آیت ۱۵۲)

ترجمہ : اور بے حیائی کے جتنے طریقے ہیں ان کے پاس بھی مت جاؤ خواہ وہ علانیہ ہوں یا پوشیدہ ہوں ۔

مسلمان گھروں میں یہہ حال ہے کہ دن رات کے کسی گھر میں تلاوت قرآن ہے نہ دینی تعلیمات یا دینی تذکرے بلکہ فلمی نخش نیم برہنہ گانے اور ٹی وی پر برہنہ بوس وکنار کرتے، چھاتیوں اور جوبن کے برہنہ حصوں کے نشیب و فراز کی عجیب انداز سے دکھاوٹ جسم کی بے حیا انداز سے سجاوٹ جسکو والدین اپنی اولاد کے ساتھ بیٹھ کے دیکھتے ہیں۔ جذبات شہوت براگنختہ و مشتعل ہوتے ہیں۔ والدین تو شہوت کا علاج فرمالیتے ہیں۔ نابالغ اولاد قبل جوانی شہوت میں مبتلا۔ غیر شادی شدہ جوان اولاد خیالی شہوت اور جو شی میں مرض جریان و مرض جریان آب سیلان الرحم، لیکوریا میں مبتلا ہوجاتی ہے جو ہر زندگی ضائع ہونا شروع ہوجاتا ہے۔ جب ان کی شادی ہوگی تو یہہ جریان اور جریان آب اور سیلان الرحم کے مریض کس قدر طاقتور اور اچھے دماغ رکھنے والی اولاد کو جنم دے سکیں گے۔ ظاہر ہے ایسی ناقص دماغ اور جسم کی اولاد کیا قوم کے لئے بوجھ نہیں بن جائے گی۔ یہہ سب بے حیائی کے نتیجے ہیں۔ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے "حیا نصف ایمان ہے"۔ سوال یہہ ہے کہ جب مکمل ایمان ہی غائب ہوجائے تو نصف ایمان کی حفاظت کون کرے؟

اس لئے علامہ اقبالؒ نے فرمایا کہ مغرب کی پیروی کے بارے میں۔

میخانئے یورپ کے دستور نرالے ہیں ؛ لاتے ہیں سرور اول دیتے ہیں شراب آخر
زمانہ آیا ہے بے حجابی کا عام دیدار یار ہوگا ؛ سکوت تھا پردہ دار جس کا وہ راز اب آشکار ہوگا
تمہاری تہذیب اپنے خنجر سے آپ ہی خودکشی کرے گی ؛ جو شاخ نازک پہ آشیانہ بنے گا، ناپائیدار ہوگا

## مسلمان والدین کی تربیت اور تعلیم کا انداز کیا ہونا چاہیے اور کیا ہوگیا ہے؟

ہم آئندہ کا آخری خون آلود باب لکھنے سے پہلے مسلمان والدین کی تعلیم و تربیت کے تعلق سے یہہ ظاہر کرنا چاہتے ہیں وہ اولاد کی تعلیم و تربیت ایسی کریں کہ اولاد کے سیدھے ہاتھ میں دین رہے اور بائیں ہاتھ میں دنیا۔ سیدھے ہاتھ میں دین اس طاقتور انداز سے رہے کہ بروز حشر جنت کے دروازے بعد حساب خود بخود کھل جائیں اور بائیں ہاتھ میں دنیا اس قدر طاقت کے ساتھ رہے یعنی "مسلمان والدین کی تربیت و تعلیم کا اولاد پہ یہہ اثر ہو کہ ہر اچھائی ہر ٹکنالوجی و ایجادات میں وہ اقوام عالم کے ساتھ اس قدر تیز بھاگ کر آگے نکل جائے کہ اقوام عالم پکار اٹھیں کہ "مسلمان ہر اچھائی کا موجد اور ایجادات حسنہ کا خالق اور علوم سائینس کا سرچشمہ ہوتا ہے۔ یقین کرلیں کہ

عالم ہے فقط مومن جانباز کی میراث ؛ مومن نہیں جو صاحب لولاک نہیں ہے (اقبال)

جہاں تمام ہے میراث مرد مومن کی ؛ میرے کلام پہ حجت ہے نکتہ لولاک

مگر یہاں تو مسلمان والدین نسلاً در نسلاً اولاد جنم دے رہے ہیں۔ جہلا میں اضافہ کے لئے گداگری کرنے بھیک مانگنے اور بھکاریوں میں اضافہ کرنے کے لئے سیکل رکشا اور آ چلانے کے لئے۔ ٹھیلہ ڈھکیلتے ہوئے بھکاریوں میں اضافہ کرنے کے لئے سیکل رکشا اور آٹو رکشا کے لئے۔ ٹھیلہ ڈھکیلتے ہوئے پکارنے کے لئے موز تین روپیہ درجن' پیاز چار روپے سیر۔ ٹما چار روپے کیلو ــــ ہوٹلوں میں بٹلری کرنے اور پیالیاں دھونے کے لئے اولاد جنم دے رہے مسلمان والدین ـ ـ ـــــ ـ

بہر حال مسلمان والدین اور مسلمان اولاد کی اکثریت کا حل یہہ ہو گیا ہے کہ کھیل میں گزرا۔ جوانی نیند بھر سویا۔ بڑھاپا دیکھکر رویا۔ نبی جی! آسرا تیرا"۔ نبی (آقائے نامدار صلی اللہ علیہ وسلم) ان کامل نوالقی سے ناآشنا جاہل آرام طلب مسلمان اور ان کی اولاد کو کیا آسرا دینگے جبکہ نبی جی (صلی اللہ علیہ وسلم) کی مبارک ذات امت محنتی اور باعلم بنانے راہ راست پر لانے محنت اور عمل سے آشنا کرنے عمر بھر اپنی جان پر تکالیف جھیلتی رہی اور اپنی امت حتیٰ کہ اپنی دختر کو خبردار فرما دیا کہ:

(۱) تم سب اپنے آپ کو دوزخ کی آگ سے بچاؤ کیوں کہ میں تمہیں قیامت کے دن کبھی نفع و نقصان نہ پہنچا سکوں گا۔ اور فرمایا

(۲) اے فاطمہؓ! تجھے مجھ سے صرف جسمانی تعلق ہے میں رشتہ کی بیل کو صرف دنیا ہی سرسبز رکھ سکوں گا۔ (بخاری) اسلئے علامہ فرماتے ہیں ؎

عمل سے زندگی بنتی ہے جنت بھی جہنم بھی ؛ یہہ خاکی اپنی فطرت میں نہ نوری ہے نہ ناری ہے

## بدترین قابلِ مذمت مائیں اور غیبت

پہلے زمانہ کی قدیم مثل تھی کہ ڈاڑھی والے بیٹھیں مگر چادر والیاں نہ بیٹھیں کہ غیبتوں کے انبار لگا دیتے ہیں اس کا مطلب یہہ تھا کہ مرد غیبت سے محفوظ رہتے تھے۔ آج دیکھنے میں آ رہا ہے کہ کم و بیش تمام مرد غیبتوں کے مرض میں مبتلا حتیٰ کہ مسجد میں تک غیبتیں ہو رہی ہیں۔ پہلے کی عورتیں آپس میں غیبتیں کرتی تھیں مگر ا کو اس برائی میں شریک نہیں کرتی تھیں۔ پھر ایک وقت آیا کہ مرد نے اولاد کے ر شوہروں کی جنہیں پہلے کی عورتیں نیم خدا سمجھتی تھیں غیبتیں کرنی شروع کیں یعنی باپ کی غیب

اولاد کے سامنے ۔ پھر ایک اولاد کی غیبت دوسری اولاد کے سامنے ۔ غیبتیں ہی روح سفلی کی بہترین غذا اور بہترین ٹانک بن کر رہ گئیں ۔ پوری قوم غیبتوں کی عادی بن گئیں ۔ اس سلسلہ میں فرامینِ رسول ؐ پیش ہیں ۔

(۱) حضور نبی صادق صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا غیبت قتل سے بری بات ہے ۔ (دیلمی)

(۲) حضرت ابوہریرہؓ سے روایت ہے کہ پوچھا حضور انور صلی اللہ علیہ وسلم نے صحابہ سے تمہیں معلوم ہے غیبت کیا ہے ؟ صحابہ نے عرض کیا : اللہ اور اس کا رسول بہتر جانتا ہے ۔ فرمایا تمہارا اپنے بھائی کا ذکر اس طرح کرنا جس کو وہ برا سمجھے ۔ عرض کیا گیا " اگر میرے بھائی میں وہ بات ہو بھی جو میں کہتا ہوں " حضور زندہ قلب روشن ضمیر صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اگر وہ بات اس میں ہے جو تم نے کہی تب تم نے اس کی غیبت کی اور اگر وہ بات ہے ہی نہیں پھر تو تم نے اس پر بہتان لگایا (مسلم) ۔ آج کل عام مسلمانوں کا سوال ہی کیا ہے ۔ نام نہاد علماء غیبت میں مبتلا ہیں اور بہتان تراشی میں بھی ۔ یہ ہے ماؤں کی تربیت ۔

(۳) حضرت ابوہریرہؓ سے روایت ہے کہ پوچھا نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے تمہیں معلوم ہے کہ غیبت کیا ہے ، صحابہ نے عرض کیا " اللہ اور اس کا رسول بہتر جانتا ہے " حضور نے فرمایا اپنے بھائی کا ذکر اس طرح کرنا جس کو وہ برا سمجھے ۔ (مسلم)

(۴) حضرت مستورؓ سے روایت ہے کہ فرمایا نبی اُمی اور علمِ کامل کے حامل حضور انور صلی اللہ علیہ وسلم نے جس نے کسی مسلمان کی غیبت کر کے ایک لقمہ بھی کھایا تو خداوند تعالیٰ اتنا ہی لقمہ (آتش) جہنم کا کھلائے گا ۔ اور جس نے کسی مسلمان کی غیبت کر کے کوئی کپڑا پہنا اللہ تعالیٰ اسے (آتش) جہنم سے اتنا ہی کپڑا پہنائے گا ۔ (ابوداؤد)

(۵) فرمایا حضور نبی برحق صلی اللہ علیہ وسلم نے غیبت کرنے والا اور غیبت سننے والا دونوں گناہوں میں شریک ہیں (غزلی)

(۶) فرمایا نبی مکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے چغل خور جنت میں نہیں جائے گا ۔ (مسلم)

(۷) حضرت انسؓ سے روایت ہے فرمایا سرکارِ دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے جب میرے اللہ نے مجھے معراج عطا فرمائی تو میرا گزر ایک قوم پر ہوا جس کے ناخن تانبے کے تھے اور وہ اپنے چہرے اور سینے کو کھسوٹ رہے تھے میں نے جبرئیلؑ سے پوچھا یہ کون لوگ ہیں جبرئیلؑ نے جواب دیا " یہ لوگ وہ ہیں جو لوگوں کا گوشت کھاتے (غیبت کرتے) اور ان کی آبرو اتارتے تھے " ۔ (ابوداؤد)

کس قدر قابلِ مذمت اور قابلِ نفرت ہیں وہ مائیں جو غیبت کے مرض میں مبتلا اور غیبہ کے علم میں ماہر ہوکر غیبت کے موذی مرض میں اولاد کو مبتلا کر دیتی ہیں۔

جس علم کی تاثیر سے زن ہوتی ہے نازاں کہتے ہیں اس علم کو اہلِ نظر موت

## لائقِ لعنت مائیں اور جادو

اللہ پاک قرآن حکیم میں ایسی عورتیں جو جادو ہیں قل اعوذ برب الفلق کے میں فرماتے ہیں۔ ومن شر النفثت فی العقدہ ○ ترجمہ: تم فرماؤ اُس پناہ لیتا ہوں جو صبح کا پیدا کرنے والا ہے ... ان عورتوں کے شر سے جو گرہوں میں پھ ہیں (یعنی جادوگر عورتیں)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول پاک صلی اللہ علیہ وسلم نے فرما سات تباہ کن گناہوں سے بچو۔ لوگوں نے پوچھا اے اللہ کے رسول وہ کون سے گناہ ہیں آپ نے فرمایا اللہ کے ساتھ کسی کو شریک کرنا، جادو کرنا، ناحق کسی آدمی کو مارنا ڈالنا، سو لینا، یتیم کا مال ہڑپ کرنا، میدانِ جہاد سے بھاگ جانا اور مومن بھولی بھالی عورتوں کو بدکاری کی تہمت لگانا۔ (بخاری شریف)

وہ مائیں جس کا مقام اللہ پاک نے بلند و بالا کیا اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ماں کے قدموں کے نیچے جنت اولاد کے لئے بتلائی۔ افسوس صد افسوس وہی مائیں اپنے اعمال سے جہنم کا ایندھن بن جاتی ہیں اور اولاد کی زندگی کو بھی جہنم بنا کر رکھ دیتی ہیں۔ کس قدر لائق لعنت اور جہنمی ہیں وہ مائیں جو عاملوں کے پاس پھر پھر کر عمل اور جادو کرواتیں اور پیٹ میں اپنا بنانے شوہر کو حتی کہ خود اپنی اولاد کے پیٹ میں دوا دلواتی ہیں۔ ایسی چیزیں عاملوں کے پاس سے لاکر مائیں کونتوں، کلیجی اور بھیجہ کے سالن میں ڈال کر کھلاتی ہیں کہ شوہر اور بیٹا اور داماد اسکے مطیع اور تابع ہوجائیں۔ ہوس اور شہوت کے تحت مزے اٹھاکر اولاد یہہ جہنمی عورتیں جنم دیتی ہیں اور عاملوں سے جادو کرواتی ہیں کہ اپنے ذمہ داریوں یعنی چھوٹے بیٹوں کی تعلیم ختم ہونے اور بیٹیوں کی شادیوں تک بیٹا شادی نہ کرے بیٹے کے کپڑے قبل از شادی عاملوں کے پاس لیجاکر گنڈے کرواتی ہیں اور بعد شادی بیٹے اور بہو کے کپڑے اور بال ناخن وغیرہ لیجاکر گنڈے کرواتی ہے کبھی عامل شکر پڑھ پڑھ کر دیتے ہیں کہ چائے میں ملاکر پلائیں، سفلی عامل غلیظ چیزیں تک کھلانے دیتے ہیں۔ یہہ بدنصیب جہنمی عورتیں اپنے شوہروں اور بیٹوں کی تصاویر عاملوں کے پاس لیجاکر

سے پڑھوا پڑھوا کر پھونکواتی ہیں اور اپنی بیٹیوں کو بھی اس کام میں طاق کر دیتی
۔ اولاد ہونے کے بعد ماؤں کے ان حرکات پر نظر رکھیں ورنہ ایک عورت کے لئے
قیامت باپ بھائی شوہر اور بیٹا پوچھے جائیں گے ۔ ایمان کھو کر یہ نماز بھی پڑھتی
یاد کے علم میں جو عورتیں اور مائیں دخیل ہوتی ہیں ان کے بارے میں علامہ اقبال فرماتے ہیں ۔

جس علم کی تاثیر سے زن ہوتی ہے نازن ٭ کہتے ہیں اس علم کو ارباب نظر موت

ر اقبال تو ایسی عورتوں اور ماؤں کو نازن کہتے ہیں لیکن درحقیقت ایسی مائیں ناگن
ہیں اور ان کا زہر بڑا خطرناک ہوتا ہے ۔

شرع محبت میں ہے عشرت منزل حرام ٭ شورش طوفان حلال لذت ساحل حرام (اقبال)

## ت بے شرم باپ خصوصاً مائیں

ماں باپ کی محبت ان کا ایثار اور فرائض کی تکمیل کس قدر لائق تحسین ہوتی ہیں لیکن ایسی مثالیں
یں جن کو دیکھ کر انسانیت تو کیا حیوانیت بھی شرما جاتی ہے ۔ بعض خود غرض محبت اور ایثار
رم باپ اولاد کے فرائض سے اس قدر غافل رہتے ہیں کہ حیوان بلاشبہ ان سے بہتر نظر آتے
انسوس تو یہ ہے کہ ماں جو ممتا کا خزانہ کہلاتی ہے ان میں ایسی ہوس پرست مائیں بھی ہیں جو
کو جنم دیکر کچرے کی کنڈی میں پھینک دیتی ہیں اور دواخانوں میں چھوڑ کر بھاگ جاتی ہیں ۔

## ذت پرست بے شرم ماں

اب ہم چند مشاہدات پیش کرتے ہیں ۔ سید محی الدین نتنظم مالگذاری یکایک اللہ کو پیارے ہو گئے ان
۲ تا ۴۰ سالہ بیوی جو گیارہ بچوں یعنی ۵ لڑکیوں اور ۶ لڑکوں کی ماں تھی اولاد کی محبت
یہ کے بجائے اس پر شہوت کا غلبہ تھا ۔ سابق شوہر کا وظیفہ رعایتی حاصل کر کے منڈی
کے ایک تاجر سے نکاح ثانی کر کے بچے جنم دینے اور عیش و عشرت میں مصروف ہو گئی
سابق مرد کے گیارہ بچوں کو ایسا چھوڑ دیا جس طرح بلی حاملہ ہو کر اپنے بچوں کو مار کر نکال دیتی
کوئی ہوٹل میں نوکر ہو گیا ، کوئی آوارہ ہو کر رہ گیا ۔ لڑکیاں یعنی سید زادیاں لوگوں کے

گھر میں باندیاں بن کر بے عزتی کی زندگی بسر کر رہی تھیں ۔ علامہ تو ماں کی محبت کا مقام یہہ بتلاتے
شرع محبت میں ہے عشرت منزل حرام ؎ شورش طوفاں حلال لذت ساحل حرام

سراپا درد ہوں حسرت بھری ہے داستاں میری (اقبال)

## مشاہدہ دوم، ظالم اور حیوان ماں

میرے ایک عزیز کا واقعہ ہے ۔ خواجہ ایک دولت مند باپ کا بیٹا تھا اسکو جو
میں ٹی ۔ بی ( T. B ) ہوگیا ۔ پانی کی طرح روپیہ بہایا گیا ، بظاہر صحت کے آثار نمایاں ہو
شادی کے تعلق سے ابھی ڈاکٹروں کا مشورہ نہ تھا ۔ لیکن ماں کا یہہ بہت لاڈلا بیٹا تھا ۔ ۲۵
خواجہ پاشاہ کے لئے آخر ۱۹ سالہ ایک خوبصورت بہولے آئی گئی ۔ ایک سال میں ایک لڑکا
پیدا ہوا ۔ لاکھوں کی جائیداد خواجہ کے نام کی گئی کہ بغیر کمائے آرام سے رہے ۔ نومولود سجا
ہی سال کا ہوا کہ خواجہ پاشاہ اللہ کو پیارا ہوگیا ۔ لاکھوں کی جائیداد ، ایک دن آیا کہ کرڈ ورڈ
ہوگئی ۔ عدالت سے باپ کی جائیداد کی فہرست ، داخل کرکے ایک سالہ لڑکے سجاد کو جائیداد کا ما
قرار دیا گیا اور نانا کو عدالت نے نابالغ سجاد کا ولی مقرر کیا ۔ جوان ۲۱ سالہ بیوہ ، جوان بیٹی
جوانی باپ سے دیکھی نہ گئی ۔ معظم جاہی مارکٹ کے پاس ایک اچار اور گھی کے تاجر سے شا
کردی ۔ یہہ بھی از روئے شرع کوئی خراب کام نہیں ہوا ۔ گھی کے تاجر سے سجاد کی ماں کو
بچے ہوے ۔ اب وہ اس شوہر اور ان بچوں میں مگن اور مست تھی ۔ سجاد جو اصل صاحب جا
تھا اس کی حیثیت اس گھر میں نوکر کی سی ماں نے بنا کر رکھدی ۔ قہر خدا کا ، کبھی ماں
اسکو اس کی جائیداد کی کبھی اطلاع نہ دی ۔ اس جہنمی ماں نے گھی کے تاجر سے ہوئے ایک
بیٹے کو سجاد قرار دیکر پوری جائیداد فروخت یا اپنے نام سے منتقل کروالی ۔ سجاد اب تی
سال کا ہوگیا اور اپنی جائیداد سے لاعلم و بے خبر اس کے کسی چچا نے کبھی اسکو پلٹ کر بھی نہیں
دیکھا کہ وہ غصہ میں تھے کہ ماں باپ نے اس قدر بڑی جائیداد کا حصہ مرحوم بھائی کے نام کردیا
سجاد جب تیس سال کا ہوا تو اپنے چچا محمود سے کسی طرح ملا ۔ محمود نے اسکو اسکی جائیداد
واقف کروایا تو سجاد ماں سے جائیداد کے تعلق سے پوچھنے لگا ۔ اس کی ماں نے اپنے دو
بیٹوں یعنی اخیافی بھائیوں سے خوب اس کی پٹوائی کرادی ۔ اس قدر پٹوائی کردائی کہ و
پریشان اور خائف ہوکر گھر سے بھاگ نکلا ۔ سجاد کا جرم یہہ تھا کہ اس نے جائیداد

ت سے دریافت ہی کیوں کیا گویا اسکے چچا محمود نے غلط کہا تھا ۔ سجاد ایک دن میرے
کا پتہ محمود کے ذریعہ معلوم کرکے آیا ۔ وہ میرے لئے نیا تھا تعارف کروانے پر میں نے سمجھا
ـــــ میں نے عدالت سے مثل نکلوا کر اس کی جائیداد کی مکمل تفصیل اور اس کے نقولات
بالطہ عدالت سے دلا دیئے ۔ اس نے اس کے فوٹو کاپی لیکر اپنی ماں کو دکھائے ۔
ں نے پھر اسکی ٹیوائی اپنے دوسرے بیٹوں سے کروائی ۔ سجاد کے دماغ کا توازن
کہتے ہیں ذریعہ جادو پیٹ میں دوا ڈال کر ماں نے اولاً بگاڑ ہی رکھا تھا ۔ حالات سے
ف ہوکر وہ اور بھی بہک گیا ۔ اب غیر شادی شدہ سجاد پچاس سال کا ہوگیا تھا ۔
ں بیٹھا بہکی گفتگو کرنے لگا تھا ـــــ آخر قدرت کے اپنے فیصلے سنانے کا وقت
۔ سجاد کا علاتی باپ ذیابطیس کے مرض میں مبتلا ہوگیا اس کی ایک ٹانگ ڈاکٹروں
کاٹ دی ۔ جب وہ زندگی سے ناامید ہوگیا تو سجاد کو بلوایا اور لیٹے لیٹے اسکو سینے
لگا کر رونے لگا ۔ اپنے آخری وقت پر سجاد کے ساتھ کی گئی زیادتی اور جائیداد کی حق تلفی
ں آنکھوں کے سامنے تھی ـــــ آخر اس حالت زار میں وہ مرگیا ۔ علاتی باپ تو پھر بھی
قدر متاثر ہوا لیکن ماں نے پھر بھی سنگدلی کا مظاہرہ جاری رکھا ۔ اب قدرت کی انصاف
زار اس پر گری، ایک دن دوران پکوان اس جہنمی ماں کے کپڑوں کو آگ لگ گئی ۔
وہ حیرت انگیز انداز سے کوئلہ بن گئی ۔ جہنمی عورت کے لئے جہنم کی آگ تو مقدر بن ہی چکی
دنیا کی آگ نے جب یہ حالت بنادی تو جہنم کی آگ اسکی کیا درگت بنا دے گی قابل غور ہے
قنوطیت مایوسی کی تصویر بنا علامہ اقبال کے اس شعر کی تصویر بن گیا تھا ۔

ٹپک اے شمع آنسو بن کے پروانے کی آنکھوں سے　　سراپا درد ہوں حسرت بھری ہے داستاں
اس راز کو عورت کی بصیرت ہی کرے فاش　　(اقبال)

# اولاد کیلئے ماں باپ کا پیدا کردہ تباہ کن ماحول

خودی کی پرورش و تربیت پہ ہے موقوف　　کہ مشت خاک میں پیدا ہو آتش ہمہ سوز

ہمارے دوست لکچرار صاحب کو اولاد ہوتے ہوئے دوسری شادی کا شوق جاگا ۔
ں کی خودی کی پرورش و تربیت ہی کرسکے اور نہ ہی اپنی خودی کو سنوار پائے تھے
سے تن خاکی میں آتش ہمہ سوزی پیدا ہوسکے ۔ پہلے ہی لکچرار صاحب اپنی ایک بغل پر

وحیدہ نامی ناگن کو ایک فتنۂ عظیم کی صورت میں دبائے ہوئے تھے، اب دوسری بغل میں جو گدگدی ہوئی تو گوہرجان کو دوسرے بغل میں بسا لیا یعنی دوسرا نکاح کر لیا۔

## مناظر دل کشا دکھا گئے ساحر کی چالاکی (اقبالؔ)

### ماحول کی گندگی اور اسکا اثر اولاد پر

لیکچرار صاحب کی دوسری شادی کے قبل کی زندگی کو عالم نزاع سے تعبیر کیا جائے تو لیکچرار صاحب کے اس دوسرے نکاح کو خود لیکچرار صاحب اور موجودہ اور آنے والی اولاد کے لئے موت سے تعبیر کیا جا سکتا تھا۔ کردار کی موت ـــــ خودی کی موت ـــــ انسانیت اور شرافت کی موت ـــــ انسانیت نیلام ہونے لگی ـــــ لیکچرار صاحب خودی کا جنازہ اپنے کندھوں پر اٹھائے دونوں بیویوں کے سیاہ کرتوت اور ان کی اولاد کے قابلِ ندامت حرکات دیکھنے پر مجبور تھے۔ پہلی بیوی پٹاخہ تھی تو اب ایٹم بم بن چکی تھی۔

### وحیدہ کی جادوگری

پہلی بیوی وحیدہ اب ڈنکے کی چوٹ پر عاملوں کے گھروں کے چکروں اور جادوگری میں مصروف ہو گئی۔ عاملوں کے گھروں سے تعویذ اور ان کی دی ہوئی چیزیں لے آتی اور گھر میں داخل ہوتے ہی سیدھے چولہے میں جہاں گوہرجان پکاتی رہتی ڈال دیتی۔ گوہرجان کے اعتراض پر کہتی "چپ حرامزادی زبان نہ کھول" لیکچرار صاحب سامنے موجود رہنے پر زبان کھولنے کی کوشش کرتے تو بھی یہی کہتی "چپ حرام زادے زبان نہ کھول"۔ وحیدہ کی اکلوتی بیٹی نورجہاں آنکھیں کھول رہی تھی اور اس کے سامنے یہ انوکھے تماشے ہو رہے تھے۔

### رکشا گلزار اور زچگی خانہ بن گئی

بسا اوقات لیکچرار صاحب اور وحیدہ کبھی وحیدہ اور گوہرجان میں تیر اندازی ہوتی، پھر نیزہ بازی پھر تلوار کے کرتب کے مظاہرے۔ ایک دن یہی ہوا کہ لیکچرار صاحب اور وحیدہ اپنے تیر نیزہ اور تلوار کے مظاہرے دکھانے کے بعد دورِ جدید کی جنگ کے تحت بمباری میں مصروف تھے۔ لیکچرار صاحب کی اہلیہ دوم گوہرجان دردِ زہ سے تڑپ اور چیخ رہی تھی۔ دواخانہ بغرض زچگی لیجانا تھا۔ لیکچرار صاحب اور وحیدہ کے شور پکار میں گوہرجان کی دردِ زہ کی آواز نقار خانہ میں طوطی کی آواز بن کر رہ جاری تھی۔ جب ہمسایہ نے گوہرجان

ے جلنی تکلیف اور چیخ پکار کی جانب بار بار لکچرار صاحب اور وحیدہ کو متوجہ کیا تو وقت
، آگے نکل چکا تھا۔ رکشا لائی گئی۔ رکشا ہی میں وضع حمل کے آثار نمایاں ہو گئے
شا میں ہی سے سڑک پر شوربا ٹپکنے لگا۔ دواخانہ چار مینار کے گیٹ میں رکشا تھی
رکشا گلزار بن کر زچگی خانہ میں تبدیل ہو گئی اور لڑکی نے رکشا میں تولد ہو کر رکشا کو
ر اور منور کر دیا۔

## نگ عظیم اور مناظر دل کش

یوں تو بے شمار جنگیں ہوتی تھیں۔ ایک دن وحیدہ اور گوہر جان اپنے تیراندازی
بازی کے کرتب دکھانے اور فائرنگ کے مظاہرے کرنے کے بعد بھی جب نہ تھکے تو بھاری
، آئے۔ وحیدہ اور گوہر جان دونوں گھر کی وسعت کو ناکافی سمجھ کر گھر سے نکل پڑے۔
، کا جوڑا ایک دوسرے کے ہاتھ میں تھا۔ کبھی بلوز کے پھٹنے کی آوازیں آرہی تھیں
چولیاں، جو مانگیہ تار تار ہو رہے تھے۔ لکچرار صاحب سے ضبط نہ ہو سکا بیچ بچاؤ
، درمیان میں آ گئے اور کہتے جاتے تھے " رانڈوں کو مستی آ گئی ہے"۔
بیچ بچاؤ کرتے کرتے لکچرار صاحب کا پیر پھسل جو گیا تو موری میں جا پڑے
صندل بن کر چہرے اور جسم کو چومنے لگا۔ تیزی میں جو اُٹھے تو لنگی خود کے
ں میں آ کر کھل کر گر پڑی اور بغیر ٹکٹ نمائش کا اہتمام ہو گیا اور عجب مناظر دل کش
گئے محلہ میں بچوں اور بڑوں میں اس جنگ کے تذکرے تھے اور مسکراہٹیں۔
ضعیف حضرات کی زبانوں سے حضرت اقبال گویا فرما رہے تھے۔

کیا گم تازہ پرانوں نے اپنا آشیاں لیکن ؎ مناظر دل کشا دکھلا گئے ساحر کی چالاکی

اس ماحول میں لکچرار صاحب کی اہلیہ اول وحیدہ کی اکلوتی بیٹی نورجہاں اور گوہر جان کے
تے بیٹے اورنگ زیب نے شعور سنبھالا تو اپنی اپنی ایک داستان زمانہ کو سنانے
۔ ایک جانب تو یہ گندہ ماحول اور دوسری جانب اکلوتی بیٹی نورجہاں کے لئے وحیدہ
رد پیار اور گوہر جان کا لاڈ پیار اپنے اکلوتے بیٹے اورنگ زیب کے لئے۔ ماں باپ
لاد کی صحیح تربیت کے لئے سازگار ماحول پیدا کرنا اور بیجا لاڈ پیار سے گریز بھی ضروری
ہے ورنہ سمجھا جائے گا کہ ماں باپ نے اپنے حقوق تربیت ادا نہیں کئے اس لئے
کے برحق رسول صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اچھی تہذیب سے زیادہ ایک باپ کا

اپنی اولاد کے لئے کوئی عطیہ نہیں ہے (ترمذی) اور ماں کے تعلق سے نبی حق شناس نے فرمایا باپ کے مقابلہ میں ماں کا دوگناہ حق ہے (ابن منیع) دوگناہ حق اسلئے کہ بچہ کی پیدائش رضاعت یعنی دودھ پلانا پرورش اور تربیت کرنا ماں کا اہم ترین حصہ ہوتا ہے۔ اب یہ دیکھینگے کہ باپ یعنی لکچرار صاحب اور مائیں وحیدہ اور گوہر جان نورجہاں اور اورنگ زیب کی کس انداز سے پرورش و تربیت کرتے ہیں۔

## روشن اس ضو سے اگر ظلمت کردار نہ ہو (اقبال)

**وحیدہ کی دُختر** گھر کے ماحول کی گندگی اور وحیدہ کی یکسر غلط تربیت لاڈ و پیار نے اسکی اکلوتی بیٹی نورجہاں کو اس کے نام کا بالکل برعکس بنا کر رکھدیا تھا۔ یعنی وہ تاریک جہاں بن چکی تھی وہ نہ ماں اور باپ کے گھر کا نور ثابت ہوئی اور نہ ہی کسی شوہر اور سسرال کے گھر کا۔ صورت و شکل کا جہاں تک سوال تھا۔ صورت ڈھونڈی ۔ ناک پر سے بس کے پہیے بعد دیگرے کئی بار گزر گئے تھے کہ چہرے پر ناک نظر ہی نہ آتی تھی چھ مرتبہ میں ایس ایس سی پاس کیا تھا۔ کئی دولھے والوں نے دیکھا تو کسی نے گاؤ تکیہ قرار دیا کسی نے سیٹھ جی کسی نے چینی عورت۔ لکچرار صاحب کی حقیقی بہن کا بیٹا شکیل جو واقعی شکیل تھا۔ اس کے لئے لکچرار صاحب کی بہن نے ازراہ محبت نورجہاں کو پسند کرلیا۔ شادی ہوگئی شکیل نے نورجہاں کو مزید تعلیم دلائی لیکن نورجہاں کو شکیل پسند نہ تھا اور شکیل پھوپھی یعنی ساس خسر سب کو برملا ماں کی طرح گالیاں دیتی اسے دیوانہ ثابت کرنے لگی اپنے شوہر کو غیر مردوں سے پٹوانے تیار ہوگئی ایک ہنگامہ در قیامت بپا تھی۔ آخر لکچرار صاحب نے اپنی بہن پر دباؤ ڈال کر طلاق دلادی۔ شکیل پر اس دباؤ کے تحت طلاق دینے کا ایسا اثر ہوا کہ وہ حسین ساگر کے تالاب میں گر کے ایک سیاہ بخت، سیاہ کردار عورت کیلئے اپنی جان دیدی۔

**طوائف سے بدتر گندگی پھیلانے والیاں** اب نورجہاں کی قوت شہوت جو جاگ اٹھی تھی ماں سے فوری دوسرے شوہر فراہم کرنے کا مطالبہ شروع کیا۔ اس سلسلہ میں رات دن ماں اور بیٹی کی فحش گالیوں کا تبادلہ ہوتا پھر نورجہاں باپ کو برملا سامنے فحش گالیوں سے نوازنے لگی

ے کہ وہ اپنی ماں وحیدہ کی زبان بن گئی ہو۔ ماں بیٹی کے جھگڑے فحش کلامی سے جب
دن آگے بڑھے تو ماں آخر ماں تھی وہ مہمانوں کی موجودگی کی بھی پرواہ کئے بغیر بیٹی پر
ٹ پڑی نہ صرف بلوز بلکہ اس کی چولی کو پھاڑ کر سب مہمانوں کے سامنے اسکو برہنہ کر دیا
نے اپنی آنکھوں پہ ہاتھ رکھ لئے۔ سب کی زبانوں پر تھا لاحول ولا قوۃ
باللہ العلی العظیم۔

آخرکار ایک ان پڑھ بے روزگار بدصورت ہٹے کٹے مُسٹنڈے علیم سے اس ہٹی
نورجہاں کا عقد پڑھوایا گیا۔ خواہشات جسمانی کی تکمیل ہوئی۔ نورجہاں ایک اسکول کی
بن گئی۔ ہٹا کٹا مُسٹنڈے بے روزگار علیم نے نورجہاں کو تین بچوں کی ماں بنا دیا
وہ اس کی کمائی سے کھاتا اسلئے نورجہاں اُسے ہیجڑے کے نام سے پکارتی۔ اس سے
یاں دھلواتی، گھر کا کام وہ کرتا پھر ہر فحش کلامی کو وہ برداشت کرتا۔ محلہ والے کہتے کہ
یا اور بے غیرت خاندان میں ایک اور کا اضافہ ہو گیا ہے۔

طوائفیں بدنام ہیں۔ ماں اور باپ کی غلط تربیت نے سماج کو طوائفین سے زیادہ گندہ
ا تھا۔ اس سے ظاہر ہو گیا ہو گا کہ والدین اولاد کی کس انداز سے پرورش کریں اور اپنا
س انداز سے پیش کریں۔

بکھر ارصاحب اور وحیدہ کی ہنگامہ خیز شرمناک زندگی گندہ ماحول اور وحیدہ کی بھیانک
یت نے نورجہاں کو تو تباہ کر دیا ہی تھا اب نورجہاں کے بچے اس گندہ ماحول میں آنکھیں
رہے تھے۔ مسلمان گھرانے تعلیم یافتہ ہوں تو بھی تعلیم سے زیادہ پاکیزہ ماحول اچھی تربیت
کے لئے درکار ہے۔ بقول علامہ اقبال

جس قوم نے اس زندہ حقیقت کو نہ پایا ؏ اس قوم کا خورشید بہت جلد ہوا زرد

## کیا یہی ہے معاشرت کا کمال؟ (اقبال)

## غلط تربیت ماں کی یا شیطان کے اثرات

گوہر جان کے اکلوتے بیٹے اورنگ زیب
نے ایک گندہ ماحول میں آنکھیں
اور اس کے اثرات قبول کئے تو دوسری جانب گوہر جان کے لاڈ و پیار نے اسکو تباہ
لا۔ وہ جوں جوں بڑا ہوتا جا رہا تھا وہ وحیدہ اور گوہر جان کے جھگڑوں میں حصہ لینے

لگا تھا۔ علاتی ماں کے ساتھ شرمناک فحش کلامی سے پیش آتا۔ پڑھنے کے لئے تو وہ گویا
ہی نہ ہوا تھا۔ چھ سال میں بھی لکچرار صاحب نے اپنے اثرات سے کام لیکر ایک ایک پر
میں نقل کروا کر اسکو ایس ایس سی کروا دیا۔ بغیر محنت کے کھانے اور ماں کے لاڑ و پیار
اسکو پہلوان نہیں تو پہلوان نما تو بنا دیا تھا۔ نور جہاں سے تو اسکی لڑائی ایسی ہوتی کہ دو
لڑ رہے ہوں۔ بیس سال سے اونچا ہوگیا تھا چہرے پر ڈاڑھی رکھے ہمہ اقسام کی برائی
انجام دینے پھر نماز پڑھنے اور ہر ایک کو کافر کہنے میں مصروف رہتا۔ ماں سے ہر کام تح
انداز سے لیتا۔ کھانا کھاتے وقت پینے کا پانی طلب کرتا۔ ماں تیزی سے پانی لانے کی
یہی بھی لانے کے دوران کئی مرتبہ ڈانٹ دیتا۔

لکچرار صاحب جب اسکے حرکات سے پریشان نظر آتے تو گوہر جان نوری اسکی دما
خرابی بتلاکر سنبھال لیتی۔ آخر ڈاکٹر مجید خان سے رجوع کروایا جاکر علاج اور دماغ کا ایکسرے لیا گ
ڈاکٹر نے دماغی خلل نہ ہونے کی تصدیق کردی۔ اب گوہر جان نے اس پر شیطانی اثرات ہو
کا یقین دلایا اب عاملوں پر سینکڑوں روپیہ برباد ہونے لگا۔ عاملوں نے کہا کہ کسی مسجد
وہ سو گیا تھا کہ احتلام ہوگیا۔ خبیث وارد ہوگیا۔ برسوں ہزار ہا روپیہ برباد ہوا۔ فا
نہ ہونا تھا نہ ہوا ـــ آخر لکچرار صاحب اللہ کو پیارے ہوگئے لیکن اس مفت خور اور
پر باپ کے مرنے کا اثر ہوا نہ کوئی تبدیلی پیدا ہوئی۔ تبدیلی ہوئی تو یہ کہ وہ ماں پر ظالم
کی طرح ظلم کرنے لگا۔ موسل اور لکڑی اٹھاتا بے شرم ماں اسکو برباد کرتی رہی یہاں تک
اس نے ماں کو مارنا شروع کیا۔ جب اسکے باپ کے ملنے والے معمر ہستی کو اس کی اطلاع ہو
تو اس نے اسکا ایسا ناطقہ بند کیا اور محلہ کو اس کے خلاف کردیا کہ اس کا چلنا پھرنا مش
ہوگیا تو شیطان خود بخود بھاگ گیا۔ کسی عامل کی اب ضرورت تھی نہ کسی تعویذ کی۔

علامہ اقبالؒ نے سچ فرمایا ہے

آزادیٔ افکار سے ہے ان کی تباہی
رکھتے نہیں جو فکر و تدبر کا سلیقہ
ہو فکر اگر خام تو آزادیٔ افکار
انسان کو حیوان بنانے کا طریقہ!

اگرچہ بت ہیں جماعت کی آستینوں میں
مجھے ہے حکمِ اذاں لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہ

## مسلمان والدین باخبر ہو جائیں کہ دین ابراہیمی (دین محمدی) کی بنیاد "لا" پر ہے

حضرت ابراہیم علیہ السلام نے سورج کو نکلتا دیکھا سمجھا یہ میرا "الٰہ" (معبود) سورج ڈوب گیا۔ ابراہیم علیہ السلام نے فوری فرمایا "لا" نہیں یہ میرا معبود نہیں۔ چاند اپنی آب و تاب دکھانے لگا۔ سوچا یہ میرا "الٰہ" (معبود) ہوگا۔ صبح اس کے ب ہو جانے پر پھر آپ کی زبان سے نکلا۔ "لا" نہیں یہ میرا معبود نہیں۔ بہتے ہوئے ر دریا سے لیکر دنیا کی ہر شئے پر نظر ڈالی اور اس کا تجزیہ کیا۔ ہر وقت بعد تجزیہ سے نکلا "لا" نہیں یہ میرے معبود نہیں۔ جسکو زوال ہو جو پیدا ہوں اور ختم ن جو ختم ہوں اور مر جائیں وہ معبود نہیں ہو سکتے۔ آخر اللہ پاک نے محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم ح آپ کو آگاہ فرمایا کہ معبود حقیقی کس انداز، کن اوصاف اور کس قوت کا ہوتا ہے یعنی۔

قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ ۝۱ اَللّٰهُ الصَّمَدُ ۝۲ لَمْ يَلِدْ ۙ وَلَمْ يُوْلَدْ ۝۳ وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ ۝

ترجمہ: آپ (اے پیغمبر) فرما دیجئے کہ اللہ ایک ہے ۝ اللہ بے نیاز ہے کا محتاج نہیں ۝ اسکے اولاد نہیں اور نہ کسی کی اولاد ہے اسکے برابر کا کوئی نہیں ۝۔

مسلمان والدین پر لازم ہے کہ وہ ہر مصنوعی اور فرضی معبودوں کو "لا" کی تلوار اٹ کر رکھدیں اور حقیقی معبود کو اپنا معبود تسلیم کریں جیسا کہ مندرجہ بالا سورت للہ پاک نے اپنے اوصاف اور شان بتلائی ہے۔ خود بھی اور اولاد کو بھی شیاطین جا اور پرستش سے بچائیں۔ مسلمان والدین پر اولاد کا پہلا اور اولین حق یہی رقرآن کا مطالعہ کریں کہ فرضی معبود اور ان کی پرستش کرنے والے دونوں بروز قیامت

جہنم کا ایندھن ہونگے علامہ اقبال ایسے لوگوں کو جو مصنوعی معبودوں کو مانتے ہیں ان کو اس طرح تعلیم دیتے ہیں۔

اگرچہ بت ہیں جماعت کی آستینوں میں ؛ مجھے ہے حکم اذاں لا الہ الا اللہ
یہہ مال ودولت دنیا ورشتہ وپیوند ؛ بتاں وہم گماں لا الہ الا اللہ (اقبال)

## مسلمان کہلانے والے بغرض فراغت مال ودولت شیاطین کی پرستش کرنے لگے

ایسے باپ اور خصوصاً ایسے ماؤں کی کثرت ہوتی جارہی ہے جو فراغت دنیاوی مال ودولت وحکومت کی خاطر شیاطین زرسو اور شیخ سدو اور دیگر شیاطین کی پرستش میں لگ گئے ہیں اور اپنے آپ کو مسلمان ظاہر کر کے نمازیں بھی پڑھتے ہیں، حج بھی کرتے ہیں۔ اس کی مثال بالکل ایسی ہے کہ ایک عورت کسی ایک سے نکاح کرتی اور اس کی بیوی ہونے کا کالی پوت کا لچھا پہن کر اعلان کرتی لیکن درپردہ کسی اور مرد سے ناجائز تعلقات بھی رکھتی ہے۔ یہہ شرک اللہ کی ذات میں کسی کو شریک کرنا ناقابل معافی جرم ہے۔ ایسے ماں باپ جو ایسے شرک میں مبتلا ہیں سوچیں کہ اللہ اپنے کلام پاک میں فرمارہے ہیں۔

اللہ کے ساتھ اور کوئی معبود مت تجویز کرو ورنہ تو بدحال بے یار ومددگار ہوکر بیٹھ رہیگا اور تیرے رب نے حکم کردیا ہے کہ بجز اسکے کسی کی عبادت مت کرو اور تم اپنے ماں باپ کے ساتھ حسن سلوک کیا کرو۔ (پارہ ۱۵ سورہ بنی اسرائیل ۱۷ رکوع ۲)

کس قدر افسوس کی بات ہے کہ ایک طرف اللہ پاک شرک سے منع فرماکے اسکی سزا بتلارہے ہیں دوسری طرف اولاد کو ماں باپ کے ساتھ حسن سلوک کا حکم فرمارہے ہیں یہی ماں اور باپ شیاطین کی پرستش کر کے اور اولاد کو اسمیں مبتلا کر کے خود کو اور اولاد کو جہنم کا ایندھن بنارہے ہیں صرف مال ودولت کی ہوس میں جبکہ اللہ پاک قرآن میں فرمارہے ہیں۔

اَلْهٰكُمُ التَّكَاثُرُ ۝ حَتّٰى زُرْتُمُ الْمَقَابِرَ ۝
كَلَّا سَوْفَ تَعْلَمُوْنَ ۝ ثُمَّ كَلَّا سَوْفَ تَعْلَمُوْنَ ۝

(پ ۳۰ آیت ۱ تا ۴ سورہ تکاثر)

ترجمہ: (لوگو!) تم کو (مال کی) بہت سی طلب نے غافل کردیا۔ یہاں تک کہ تم نے قبروں کا منہ دیکھا دیکھو تمہیں عنقریب معلوم ہوجائے گا پھر ہاں ہاں تمہیں عنقریب معلوم ہوجائے گا۔

علامہ اقبال شیاطین کو مان کر اپنے آپ کو نمازوں، روزے اور حج کے ذریعہ مسلمان
...نے والوں کے بارے میں فرماتے ہیں۔
نماز روزہ و قربانی و حج ۔ یہ سب باقی ہیں، تو باقی نہیں ہے

**...شرک مسلمان نما**
**...باپ بیٹے نسل در نسل**

اخبارات کی یہ خبر کس نے نہیں پڑھی کہ کشمیر کے چیف منسٹر (سابق) فاروق عبداللہ نے اپنے باپ شیخ عبداللہ کے نقش قدم پر چل کر جموں کے مشہور مندر میں وشنو دیوی کی پوجا کی اور وشنو دیوی کے آشیرواد حاصل ہونے کا
...ظہار کیا۔ پھر مسجد میں نماز کے لئے اور کعبہ حج کے لئے روانہ ہوئے ۔ شیخ عبداللہ نے
...بیٹے کو شرک کا تحفہ دیا اور فاروق عبداللہ نے اپنے بچوں کو شرک کی راہ بتلائی ۔ ایمان
...اور چیف منسٹری بھی جاتی رہی ۔ مشرک کی نماز نماز ہوتی ہے نہ ہی حج حج
...ہے ۔ علامہ اسلئے فرماتے ہیں۔
...نہاد زندگی میں ابتدا لا انتہا الا ۔ پیام موت ہے جب لا ہوا الا سے بیگانہ

(۲)

**ایک مشاہدہ** : شاہ علی بنڈہ میں ایک حسین نامی شخص مکانات کی دلالی
... نہایت ہی غریب بدحال معلوک الحال ۔ ایک وقت آیا کہ وہ کافی دولت مند اور
...جائیداد ہوگیا۔ اپنے قلمدان کی کنجی کو اپنی جان سے بڑھکر حفاظت سے رکھتا
...ایک وقت مقررہ پر وہ کچھ دیر کے لئے کمرہ میں بند ہوجاتا ۔ اس کی اولاد
...کہ قلمدان میں نوٹ گنتا اور اضافہ کرکے رکھتا ہے ۔ ایک دن یہ جہنم نصیب
...سے چل بسا ۔ بیٹوں نے اسکو دفن کرنے کے بعد بڑے کرب و اضطراب سے
...کا قلمدان کھولا کہ روپیہ آپس میں تقسیم کرلیں ۔ جب کھولا تو بیٹے حیران رہ گئے
...دان میں ایک گڑیا (نرسو) ایک گھنٹی کوکو وغیرہ یعنی پوجا کا سامان رکھا
... اللہ نے انہیں ایمان کی حرارت عطا فرمائی تھی آپے سے باہر ہوکر لاحول پڑھی
...اشیاء موسیٰ ندی میں پھینکنے گھر سے نکل پڑے ۔ راستے میں آشا ٹاکیز کی موڑ پر
...ٹکر کھائے کہ زبردست زخمی ہوگئے ۔ مگر وہ برابر بحالت تکلیف بھی ان چیزوں
...سیٰ ندی میں پھینک آئے ۔ بعد میں مصائب کا ایک سلسلہ تھا جس کا وہ برابر

ایمان کی حفاظت کے لئے مقابلہ کرتے۔ مکانات جلتے رہے۔ مالی حالت کمزور ہوگئی مگر وہ ایمان پر قائم رہے اور باپ کے نقش قدم پر نہ چلنے کا عہد کرلیا اور اپنے عہد پہ قائم رہے بقول علامہ وہ اچھی طرح جانتے تھے کہ

بتوں سے تجھ کو امیدیں خدا سے تجھکو نومیدی ؛ مجھے بتا تو سہی اور کافری کیا ہے

**بھروسہ کر نہیں سکتے غلاموں کی بصیرت پر** (اقبال)

(۳)

**مرشد اور پوجا**

سید اسمٰعیل شاہ ایک مرشد تھے ان کے کافی مرید تھے ایک بیٹی اور چار بیٹوں کے یہ مرشد باپ تھے۔ ساجد ہم عمر اور دور کا رشتہ دار تھا۔ اس نے اپنے بیٹے سلیم کے لئے مرشد اسمٰعیل کی بیٹی کا انتخاب کیا۔ رسم ہوا ایک دن آیا کہ شادی بھی ہوگئی۔ ایک دن ساجد کسی کام سے اسمٰعیل کے مکان کے قریب تک گیا تھا۔ اسمٰعیل کے گھر بھی بعد ختم کام چلا گیا۔ صبح کا وقت تھا۔ مرشد اسمٰعیل کے بارے میں اس کے گھر والوں نے بتلایا کہ وہ اس وقت اپنے حجرہ خاص میں محو عبادت رہتے ہیں۔ کسی کو جانے کی اجازت نہیں۔ ایک تو ساجد لڑکے کے باپ اور سمدھی ہم عمر اور رشتہ دار تھے یہ سننے کے بعد بھی کہ اسوقت کوئی ان کے حجرے کی جانب نہیں جاسکتا سخت تاکید ہے۔ ساجد بلا خوف و بلا تکلف عبادت کے حجرے کی جانب بڑھے، قریب حجرہ کے تھے، دروازے کے پٹ بھیڑے ہوئے مگر نیم وا تھے۔ سمدھی ساجد نے اپنے مرشد سمدھی کو عجیب حال میں دیکھا کہ چکرا کے رہ گئے۔ سید اسمٰعیل شاہ مرشد نرسو کے بت کے سامنے چکر لگاتے کچھ پڑھتے "کوکو" لگاتے اور ناریل پھوڑتے نظر آئے۔ نرسو کے پتلے کے چکر لگانے اور چھوٹی سی گھنٹی بجانے میں ایسے مصروف تھے کہ اپنے سمدھی ساجد کو بھی نہ دیکھا۔ ساجد فوری پلٹ گیا اور گھر آکر سر پکڑ کر بیٹھ گیا ـــــ بیوی اور لوگوں سے کہہ رہا تھا کہ کیا دھوکہ کھایا کس گھر کی بیٹی کو لے آیا۔ بہو پر ایک ہنگامہ بپا کر دیا لوگوں نے اور بیوی نے سمجھایا کہ باپ کے کرتوت کی سزا بیٹی کو نہیں دی جاسکتی۔ آخر ساجد کے سمجھ میں آگیا اس نے اپنی بہو کو حکم دے دیا کہ باپ کے گھر قدم نہ رکھے۔ مگر کب تک۔ بیٹی چھپ چھپا کر جاتی رہی۔ پھر ایک دن آیا کہ اسمٰعیل جہنم رسید اور ساجد جنت کو پہنچ گیا۔

ین بیٹے باپ اور ماں کے نقش قدم پر چلنے لگے ایک بیٹے نے اس راہ پر چلنے سے
یا۔ خستہ حال زندگی گزار رہا تھا گویا ایک طرف اللہ پاک کی آزمائش تھی۔ دوسری
یطان کے عنایات تھا۔ آزمائشات میں پورا اترنے والا داخل جنت تھا اور شیطان
ں سے فیضیاب ہونے والے داخل جہنم معہ اپنے فرضی معبود کے۔ اللہ کے بندے
صطفےؐ کے غلام بن کر جینے والے ہی دراصل مردانِ حر ہوتے ہیں اور شیاطین کو ماننے
احب کردار نہ صاحب بصیرت اور نہ لائق بھروسہ اسلئے علامہ اقبال فرماتے ہیں۔

بھروسہ کر نہیں سکتے غلاموں کی بصیرت پر ﷺ کہ دنیا میں فقط مردانِ حُر کی آنکھ ہے بینا

(۴)

جسکی کہانی خود اسکی زبانی ﷺ جاہل عورتوں پر فضل ربی

## بیان جہانگیر بی

جہانگیر بی جڑچرلہ ضلع محبوب نگر کے تعلقہ کی ایک ان پڑھ عورت تھی اس کا باپ کپڑوں کا تاجر اور
بھی بڑی دوکان کا مالک تھا۔ نوکر چاکر، روپیہ کی فراغت۔ آرام دہ زندگی۔ وہ
پ کی اکلوتی بیٹی تھی اس کے ماں باپ دنیاوی فراغت کے لئے نرسو کو مانتے اور
سلمان ظاہر کرتے تھے۔ وہ بھی باپ کے انتقال کے بعد ماں باپ کے نقش قدم پر چل کر
انتی تھی رہی۔ ایک دن وہ وعظ میں گئی۔ واعظ کہہ رہا تھا اللہ پاک کے سوا کسی
ی معبود کو ماننا پوجنا گناہ عظیم ہے دائمی جہنم ان کے لئے ہوگی۔ ان پڑھ جہانگیر بی پر
ں کا ایسا اثر ہوا کہ گھر آکر پوجا کا سب سامان اور نرسو کا پتلا ایک ویرانے میں پھینکا کر
۔ دیا اور صدق دلی سے آئندہ نہ پوجنے توبہ کرلی۔ اللہ کی آزمائش شروع ہوئی۔
گھر ویران ہوگیا۔ اس کا شوہر مرگیا مگر اس ان پڑھ عورت نے ہر امر کو اللہ کے
ے تعبیر کیا۔ شہر آکر ماماگری کرلی۔ پریشانیاں اٹھائی مگر اللہ پاک کو ایک مانا
ودس سال کی عمر میں مرگئی۔ بلاشبہ اللہ پاک اسکو دامن رحمت میں لیکر دائمی جنت عطا فرمائینگے۔

(۵)

## بیان رحیمہ بی

محبوب بی ہائیکورٹ کی اصیل تھی۔ مالی حالت پر لوگ رشک کرتے تھے۔ محبوب بی نرسو کو مانتی
ی بیٹی رحیمہ بی ماں کی زندگی ہی سے اس کام کو ناپسند کرتی۔ محبوب بی ایک دن راستے

میں موٹر سے ٹکرا کر مر گئی۔ محبوب بی کے دفن کے بعد رحیمہ بی نے پہلا کام یہہ کیا کہ ڈبہ میں نرسو کا پتلا اور پوجا کا جو سامان تھا سب کچرے کی کنڈی میں پھینک دیا۔ پھر قدرت کے امتحانات شروع ہوئے اس میں اور اس کے شوہر میں ان بن ہو گئی، دور دور رہنے لگے۔ ہر قسم کی پریشانیوں کا سامنا کیا مگر ایک اللہ واحد کو مانا۔ نرسو کی طرف پلٹ کر کبھی دنیاوی فراغت کی خاطر نہ دیکھا۔ اتفاقاً وہ بھی راستے میں ٹکر کھا کر مری۔ دونوں کی اموات میں کتنا فرق تھا۔ محبوب بی مر کر جہنم کا ایندھن بن گئی اور نرسو کی امت۔ رحیمہ بی مر کر شہید ہوئی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی امت میں رہی اور دامن رحمت میں جگہ پائی۔ علاّ فرماتے ہیں۔

باطل دوئی پسند ہے حق لا شریک ہے ⁂ شرکت میانہ حق و باطل نہ کر قبول

قوت عشق سے ہر پست کو بالا کر دے
دہر میں اسم محمدؐ سے اجالا کر دے (اقبال)

## مسلمان والدین کی خطرناک قسم جو جہنمی بن کر اولاد کو جہنمی بنا دیتے ہیں

مسلمان والدین کی قابل نفرت اور از روئے احکام واجب القتل قسم وہ ہے جو کفار اور مشرکین سے زیادہ خطرناک ہے۔ یہہ قسم ان والدین کی ہوتی ہے جو شیاطین کو مان کر اللہ پاک رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم انبیاء کا مقام دیتے ہیں۔ معراج ہونے کا دعویٰ کرتے ہیں۔ توہین اللہ پاک توہین رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم توہین انبیاء اور توہین مذہب کرنے میں کوئی کسر نہیں چھوڑتے پھر ڈاڑھیاں رکھتے اور خود کو مسلمان ظاہر کرتے ہیں اس سلسلہ میں ہمارا کتابچہ "مسلمانو! آنسو بہاؤ خون کے" کا مطالعہ ان جہنمیوں کی حرکات سے آگاہ کر دیگا جس میں چشم دید گواہوں کے بیانات بھی ہیں اور دیوبند نظامیہ اور دیگر علمائے کرام کے فتادے بھی موجود ہیں تو یہاں مزید معلومات ہم دینا مناسب نہیں سمجھتے ہیں کہ

## مشاہدات (۶)

جانی میاں کبھی نماز پڑھتے نہ مذہب کے کسی احکام کے پابند تھے صرف ڈاڑھی رکھے ہوئے قلندر کی صورت بنائے بقول شجاع خاور ایسے قلندر تھے۔

اگر بولے تو پردہ رہ نہیں سکتا قلندر کا ⁂ نہ بولے تو بھلا کردار ہی کیا قلندر کا
اٹھاتا ہے کوئی اور آج خرچہ قلندر کا ⁂ نہ وہ تیور قلندر کے نہ وہ لہجہ قلندر کا

شا شہر والوں نے کیا۔ اچھا قلندر کا ؎ کہیں فطرت قلندر کی کہیں چہرہ قلندر کا
حقیقت اور تعریف تو علامہ اقبال نے یوں کی ہے۔

ر دمہ و انجم کا محاسب ہے قلندر ؎ ایام کا مرکب نہیں راکب ہے قلندر

للہ کا کہ جانی میاں رسول پاک صلی اللہ علیہ وسلم کی تصویر یعنی شبیہہ اپنے پاس رکھکر لوگوں
یہہ ایک گناہ عظیم تھا۔ آپؐ کا جسم نور سے بنا ہوا اور سایہ زمین پر نہ گرتا تھا بقول حضرت
یوسف علیہ السلام کو دیکھکر عورتوں نے اپنی انگلیاں کاٹ لیں اگر وہ میرے یوسف محمد صلی اللہ
کو دیکھتے تو اپنے دل کاٹ لیتے۔ کون ہے جو اس پاک ہستی کی تصویر بنا سکے اور حسن کو
ہر کر سکے۔ اس گناہ عظیم کا نتیجہ یہہ ہوا کہ جانی میاں مرکر شیطان بنے۔ گھر میں سایہ کی طرح اس
ساتھ رہنے لگے جن کو ستر سال کی عمر تک بوالہوسی میں جنم دیا۔ اب اس بدنصیب اولاد نے
ول کے عجیب گل کھلانے شروع کئے۔ ستم بالائے ستم یہہ کہ ان کی بیوی زینب نے
راغت کے لئے اپنی پوری اولاد کو سوائے ایک کے اپنے داماد میر محبوب علی جو فلسفہ اسلام
ت کا ایم اے M.A اور ابلیس کا نمونہ تھا کو دیکر نرسو شیطان کو ماننا اور رسول
نیار بنا کر ان کو مسند پر بٹھانا اور توہین رسول کا ایک سلسلہ شروع کردیا۔

## ــ والدین اور توہین رسولؐ ــ والے والدین میں فرق

حضرت اسماءؓ بنت ابوبکر صدیقؓ فرماتی ہیں کہ میری ماں مشرک تھی اور میرے پاس آئی تھی میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے دریافت کیا "یا رسول اللہؐ! میری ماں
پاس آئی ہے اور اسلام سے بیزار اور مشرک ہے کیا میں اس کے ساتھ اچھا سلوک کروں؟
صلی اللہ علیہ وسلم نے جواب دیا" ہاں اچھا برتاؤ کرو (بخاری) جہاں تک مشرک والدین کا سوال
رک والدین کی خدمت اور اچھے سلوک کے احکام ہیں جہاں تک توہین رسول اور توہین مذہب کا سوال ہے
لدین واجب القتل ہیں۔ ملاحظہ ہو صدیق اکبرؓ ابو عبیدہؓ کا طرز عمل اور قرآن پاک :۔ حضرت ابوبکر
کے والد ابو قحافہ نے اپنے کفر کی حالت میں ایک مرتبہ رسول اللہؐ کی شان میں کوئی ناشائستہ کلم
نالا۔ حضرت صدیق اکبرؓ کا کمال ایمان بھلا اس گستاخی کو کب برداشت کرسکتا تھا آپ نے ا
مانچہ مار دیا جب آقائے دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہ میں یہہ واقعہ پیش ہوا تو حضرت صدیق اکبرؓ
یا "یا رسول اللہؐ! میرے پاس اس وقت تلوار نہ تھی ورنہ ایسے بیجا کلمہ پر ان کی گردن اڑا دیتا تو
ی اکبر کی منقبت میں قرآن کی حسب ذیل آیات نازل ہوئیں۔

ترجمہ : جو لوگ اللہ اور رسولؐ کی مخالفت کرتے ہیں یہ لوگ سخت ذلیل لوگوں میں ہیں (آیت ۲۰) اور اللہ تعالیٰ نے یہ بات لکھدی ہے کہ میرے پیغمبرؐ غالب رہیں گے۔ بیشک اللہ تعالیٰ قوت والا ہے (آیت ۲۱) جو لوگ اللہ پر قیامت پر ایمان رکھتے ہیں آپ ان کو نہ دیکھیں گے ——— کہ وہ ایسے شخصوں سے دوستی رکھتے ہیں جو اللہ اور اسکے رسولؐ کیخلاف ہیں گو وہ ان کے باپ یا بیٹے یا بھائی یا کنبہ ہی کیوں نہ ہو (آیت ۲۲۔ سورہ المجادلہ پارہ ۲۸)

ایک اور سبب شان نزول یہ بتلایا گیا ہے کہ غزوہ بدر میں حضرت ابو عبیدہؓ بن الجراح اسلام کی حمایت میں اور آپکا باپ کفر کے غلبہ کیلئے لڑ رہا تھا اور بیٹے کو قتل کرنے کے درپے تھا اور حضرت ابو عبیدہؓ نے اولاً چند مواقع دیئے آخر باپ کو قتل کرڈالا تو یہ آیات نازل ہوئیں۔

جنگ بدر میں ایک شاعر جو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور اسلام کی ہجو لکھا کرتا تھا گرفتار ہوا۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس سے فدیہ لئے بغیر اس وعدہ پر رہا فرمادیا کہ آئندہ آپؐ اور اسلام کیخلاف ہجو نہ لکھے گا۔ مگر اس نے یہ سلسلہ جاری رکھا جب پھر یہ ایک جنگ میں گرفتار ہوا اور اس نے وعدہ کیا کہ آئندہ سے وہ ایسی ہجو نہ لکھے گا تو اللہ کے رسولؐ نے فرمایا کہ مسلمان ایک سوراخ سے دو مرتبہ نہیں ڈسا جاتا (ابن ماجہ) یعنی ایک بار دھوکہ کھاکر دوبارہ دھوکا نہیں کھاتا لہذا بحکم رسالت مآب صلی اللہ علیہ وسلم وہ توہین رسولؐ اور توہین اسلام کی سزا میں قتل کردیا گیا۔

خلیفہ ہارون رشید رات کا کھانا علماء کے ساتھ کھایا کرتا تھا۔ ایک رات دسترخوان پر کدو کا سالن تھا ایک عالم نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو کدو بہت پسند تھا۔ ایک نے کہا کہ مجھے پسند نہیں۔ وہ عالم کھانا چھوڑ اٹھ کھڑا ہوا اور نیام سے تلوار نکال لی اور کہا "جو چیز اللہ کے رسول صلعم کو پسند تھی کسی کو پسند نہ ہو اور پسند نہ ہونے کا اعلان کرے تو وہ مرتد اور کافر ہے اور اس کی سزا قتل ہے۔ ہارون رشید درمیان میں پڑ گیا۔ اس شخص سے توبہ کرواکر کلمہ پڑھوایا گویا از سر نو اسکو مسلمان بنایا گیا۔

## مسلمان والدین کو انتباہ

وہ والدین جو مسلمان کہلاکر توہین رسولؐ اور توہین مذہب میں مبتلا ہیں واقف ہوجائیں کہ احکام شریعت کا نفاذ ہو تو اس کی سزا قتل ہے اور اس کے لئے مرنے کے بعد بھی دائمی جہنم ہے لہذا والدین کا فرض ہے کہ خود توہین رسولؐ اور توہین مذہب کریں اور نہ اولاد کو اس راہ پر چلائیں۔ اسلئے علامہ اقبال اللہ کی جانب سے فرماتے ہیں۔

کی محمدؐ سے وفا تونے تو ہم تیرے ہیں ؎ یہ جہاں چیز ہے کیا لوح وقلم تیرے ہیں ۸۸